مَا شَآءَاللہ لَاقُوَّۃَ اِلَّا بِاللہ

الدروس الصرفیۃ

حصّہ سوم

ناشر: علامہ فضل اللہ فاؤنڈیشن، چٹوگرام، بنگلہ دیش

مَاشَآءَ اللّٰہُ لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

اَلدُّرُوسُ الصَّرفِیَّۃ

حِصّۂ سوم

برائے درجۂ داخل سال سوم وچہارم
جماعت ہشتم وہفتم کے لئے

مؤلفہ

حضرت محترم مولانا محمد فضل اللہ صاحب فاضل سہارنپور
ناظم اعلیٰ مدرسہ حکیمیہ چنوتی، چاٹگام،

ناشر
علامہ فضل اللہ فاؤنڈیشن، چٹو گرام، بنگلہ دیش

الدروس الصرفیہ حصہ سوم

فہرست مضامین

مضمون	صفحہ	مضمون	صفحہ
درس ۱ . ہفت اقسام - - - .	۵	درس ۱۵ مہموز اللام واجوف یائی ضرب ۔ تصریف مہموز الفا ولفیف مقرون ۔ مضاعف	۳۵
درس ۲ ۔ اجناس مرکبہ	۸	درس ۱۶ اجناس نَصَرَ ۔ مہموز الفاء وتصریف	۳۸
درس ۳ ۔ قواعد ثمانیہ برائے دفع ثقل کلمہ - - -	۹	درس ۱۷ اجوف واوی نصر وتصریف وتعلیل .	۳۹
درس ۴ ۔ اصول مہموز	۱۲	درس ۱۸ ناقص واوی نصر " "	۴۲
درس ۵ ۔ اصول مثال	۱۳	درس ۱۹ مہموز الفا واجوف واوی نَصَرَ ۔ مہموز الفا وناقص واوی	۴۶
درس ۶ ۔ اصول اجوف	۱۵	درس ۲۰ مضاعف نصر وتصریف وتعلیل ۔ مہموز الفا ومضاعف	۴۷
درس ۷ ۔ اصول ناقص وتعلیلات متفرقہ - -	۱۸	درس ۲۱ اجناس سمع مثال واوی ویائی - - (اسم ظرف کے عین کلمہ کی حالت)	۴۹
درس ۸ ۔ تعلیلات ابواب مزید فیہ واصول مضاعف شرائط ادغام ۔ موانع ادغام	۲۰	درس ۲۲ اجوف واوی سمع	۵۱
درس ۹ اجناس باب ضرب ۔ وتصریف مثال واوی ومثال یائی ضرب . . - -	۲۲	درس ۲۳ اجوف یائی سمع ۔	۵۳
درس ۱۰ اجوف یائی ضرب وتصریف وتعلیل - -	۲۵	درس ۲۴ ناقص واوی سمع	۵۵
درس ۱۱ ناقص یائی ضرب " "	۲۹	درس ۲۵ ناقص یائی سمع	۵۸
درس ۱۲ لفیف مفروق ضرب " "	۳۱	درس ۲۶ ۔ لفیف مفروق سمع ۔ لفیف مقرون	۵۹
درس ۱۳ لفیف مقرون ضرب " "	۳۳		
درس ۱۴ مہموز الفاء ضرب " " مہموز العین مہموز الفاء ناقص یائی مہموز العین ومثال واوی	۳۴		

مضمون	صفحہ
درس ۲۷ مضاعف سمع۔ مہموز الفا۔ مہموز العین۔ مہموز اللام۔ مثال واوی ومضاعف	۶۰
درس ۲۸۔ اجناس فتح مثال واوی وتصریف۔ مثال یائی۔ ناقص یائی	۶۱
درس ۲۹ مہموز العین فتح مہموز اللام۔ مہموز الفا وناقص یائی۔ مہموز العین وناقص یائی۔ مہموز اللام واجوف یائی	۶۳
درس ۳۰۔ اجناس کرم۔ مثال واوی۔ مثال یائی۔ اجوف واوی۔ ناقص واوی۔ ناقص یائی مضاعف	۶۴
درس ۳۱ اجناس حسب مثال واوی۔ لفیف مفروق۔	۶۵
درس ۳۲۔ اجناس افعال۔ صحیح۔ مثال واوی۔ مثال یائی۔ اجوف واوی۔ اجوف یائی۔	۶۶
درس ۳۳ ناقص واوی افعال۔ ناقص یائی۔ لفیف مفروق۔ لفیف مقرون۔ مضاعف۔ مہموز الفا۔ مہموز العین۔ مہموز الفا واجوف یائی۔ مہموز الفا وناقص یائی و مہموز العین ومثال یائی	۶۸
درس ۳۴ مہموز العین وناقص یائی اِفعال۔ مہموز اللام واجوف واوی۔ مہموز اللام ومثال واوی مہموز الفا ولفیف مقرون۔	۶۹
درس ۳۵ اجناس تفعیل۔ مثال واوی ویائی۔ اجوف واوی یائی۔ ناقص واوی ویائی۔ مہموز الفا والعین واللام وغیرہا۔	۷۱
درس ۳۶۔ اجناس مفاعلہ۔ مثال واوی۔ اجوف واوی ویائی وغیرہا	۷۳
درس ۳۷ اجناس افتعال۔ مثال واوی ویائی وغیرہا	۷۴
درس ۳۸ اجناس انفعال اجوف واوی ویائی وناقص واوی وغیرہا	۷۷
درس ۳۹ اجناس استفعال مثال واوی وغیرہ	۷۸
درس ۴۰ اجناس تفعل۔ اجوف واوی ویائی وناقص واوی وغیرہا۔	۸۰
درس ۴۱ اجناس تفاعل۔ اجوف واوی واجوف یائی وغیرہا	۸۱
درس ۴۲۔ اِفعّل اور اِفّاعل کے باب کیسے پیدا ہوئے۔	۸۲
درس ۴۳ اجناس باب افعلال اجوف واوی ویائی وغیرہا	۸۳
درس ۴۴ اجناس افعیلال اجوف واوی وغیرہ	۸۴
درس ۴۵ خاصیات ابواب ثلاثی مجرد	۸۴

صفحہ	مضمون
۸۷	درس ۴۶ خاصیات ابواب ثلاثی مزید فیہ
۸۹	درس ۴۷ خاصیات باب تفعل
۹۰	درس ۴۸ خاصیات مفاعلہ۔ تفاعل۔ افتعال۔ استفعال
۹۲	درس ۴۹ خاصیات انفعال۔ افعلال۔ افعیلال۔ افعیعال۔ افعوال
۹۳	درس ۵۰ خاصیات ابواب رباعی مجرد و مزید فیہ
۹۴	درس ۵۱ اسم تفضیل
۹۵	درس ۵۲ صفت مشبہ
۹۷	درس ۵۳ اوزان صفت مشبہ
۹۸	درس ۵۴ تثنیہ
۹۹	درس ۵۵ جمع
۱۰۱	درس ۵۶ جمع قلت کے اوزان
۱۰۳	درس ۵۷ جمع کثیر
۱۰۸	درس ۵۸ نسبت کا بیان
۱۱۴	درس ۵۹ تصغیر کا بیان
۱۱۶	درس ۶۰ امالہ کا بیان
۱۱۷	درس ۶۱ موانع امالہ
۱۱۹	درس ۶۲ وقف کا بیان

۱۔ صورۃ ما حررہ شیخ الطریقۃ والعرفان، مقدام فضلاء الزمان، زعیم الاصفیاء والاتقیاء مولانا الحاج عبد المجید ادام اللہ فیوضہ مدیر المدرسۃ الاسلامیۃ بغارنغیہ من مضافات ستکانیہ۔ جاٹگام

الحمد لمن لا شریک لہ والصلوٰۃ والسلام علیٰ من لا نبی بعدہٗ۔ اما بعد یہ کتاب مستطاب "الدروس الصرفیہ" میں نے جہاںتک دیکھا مبتدیوں کے لئے نہایت مفید سمجھا، اللہ پاک محبی مولانا مصنف علامہ مدظلہ کو عرق ریزی کا اجر جزیل عطا فرمائے آمین۔

احقر محمد عبد المجید ۶ ذیقعدہ ۸۷ھ

۲۔ تقریظ مقدام العلماء الراسخین، قدوۃ الفضلاء الکاملین، الفاضل النحریر والخطیب الشہیر فی البیان والتفسیر العلامۃ صدیق احمد الاسلام آبادی۔ شیخ الحدیث فی المدرسۃ الضمیریۃ بفتیہ۔ جاٹگام

حمداً وتصلیۃً وتسلیمۃً۔ اما بعد کتاب مستطاب دروس صرفیہ میں ماشاء اللہ نونہال بچوں کو اپنی مادری زبان سے تطبیق دے کر مسائل صرفیہ سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ اس لئے یہ کتاب بنگالی بچوں کے حق میں انتہائی مفید ہونے کی توقع ہے۔ حق تعالیٰ بچوں کے لئے مفید اور مصنف علام کے لئے ذخیرۂ آخرت بنائے

صدیق احمد ۱۹ رجب ۸۷ھ

---

۳) صورۃ ما کتبہ حضرۃ العلامۃ الفاضل البارع الکامل۔ العطریف الذکی المتوقد مولانا حبیب احمد۔ مہتمم المدرسۃ الحکیمیۃ بجنوتی۔

حامدًا و مصلیاً و مسلماً۔ اما بعد میں نے شیخ جلیل علامۂ نبیل حضرت مولانا فضل اللہ ناظم اعلیٰ جنوتی حکیمیہ سنیر مدرسہ کی نادر تصنیف "الدروس الصرفیہ" کے اہم مقامات کو بغور مطالعہ کیا۔ ماشاء اللہ یہ کتاب بایں خصوصیات بے مثال ہے۔ دور حاضر کے طلبہ کو بآسانی صرفی مسائل سمجھانے میں بیحد مفید ثابت ہوگی۔

میری تمنا ہے کہ مدارس عربیہ کے حضرات مدرسین کرام بغرض افادۂ طلاب اس کو داخل نصاب فرمالیں اور دعا ہے کہ اللہ جل شانہ اس سے مبتدیوں کو پورا نفع بخشے آمین۔

احقر حبیب احمد

---

۴) صورۃ ما قرظہ العالم الیلمعی والفاضل اللوذعی المحدث المحقق والحبر المدقق مولانا محمد ابراہیم رئیس دار الافتاء فی المدرسۃ الضمیریۃ الواقعۃ بقیہ جاتغام۔

الحمد لولیہ والصلوٰۃ والسلام علی نبیہ محمد والہ وصحبہ وعلماء امتہ اما بعد دروس صرفیہ کے بعض بعض مقامات سننے کا بندہ کو اتفاق ہوا۔ اس میں مؤلف علام مدظلہ نے نہایت سہل اور مختصر جملوں سے مبتدی طلبہ کو علم صرف کے قواعد سکھانے کی کوشش فرمائی ہے اور بندہ کے عقیدہ میں یہ کتاب انشاء اللہ العزیز مبتدی طلبہ کے حق میں بیحد مفید ہوگی۔ اللہ جل شانہ مؤلف علام مدظلہ کی اس گراں قدر علمی خدمت کو قبول فرماکے مسلمانوں کے بچوں کے حق میں مفید بنانیکے ساتھ ساتھ حضرت مؤلف کے لئے ذریعۂ آخرت بنائیں آمین۔

نارہ محمد ابراہیم غفرلہ مقیم حالیہ جنوتی۔ ۹ رجب ۱۳۸۷ھ

۵) تقریظ جامع المعقول والمنقول واقف حقائق الفروع والاصول مولٰنا میر غلام مصطفٰے الحسنی استاذ المدرسۃ الاسلامیۃ لبغارنغیہ تسکانیہ جاتغام

الحمد للّٰہ بیدہ تصریف الزمان۔ والصلوٰۃ علی من ہو مصدر الکون والمکان وعلیٰ آلہٖ واصحابہ الذین اقاموا الوزن بالقسط ولم یخسروا المیزان۔ اما بعد اس حقیر سراپا تقصیر نے کتاب مستطاب "الدروس الصرفیہ" کے اکثر مواقع کو بغور مطالعہ کیا زمانۂ حاضر کے طلبہ کے لئے اس فن میں اقرب الی الفہم کتابیں اور بھی تو موجود ہیں مگر کتاب ہذا اپنی نرالی خصوصیات کی وجہ اپنی نظیر آپ ہے۔ کیوں نہ ہو یہ اس ذات بابرکات کے رشحات قلم سے ہے جن کے تبحر علمی و دوربینی ونبض شناسی چاٹگام کے فحول علمائے کرام کے نزدیک مسلم ہے۔ ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيْهِ مَنْ يَّشَاءُ

احقر الوریٰ میر غلام مصطفٰے الحسنی القادری۔ خادم الطلبہ سینیر مدرس اسلامیہ گارنگیہ۔

٦) الشہادۃ المتفقۃ من فحول العلماء (١) الحبر الشاب الصالح الرشید مولانا عبد الرشید نائب صدر المدرسین (٢) العالم التقی المأمون الامین مولانا محمد امین معین المدرسین (٣) الفاضل الذکی ذی المکارم مولانا محمد قاسم المعین الثالث فی المدرسۃ الحکیمیہ چنیوٹی۔

حامدًا ومصلیًا اما بعد ہم نے استاذ الاساتذہ حضرۃ العلامہ مولانا محمد فضل اللہ صاحب متّعنا اللہ بطول بقائہ ناظم اعلیٰ چنیوٹی حکیمیہ سنیئر مدرسہ کی تازہ ترین تصنیف "الدروس الصرفیہ" کو بغور مطالعہ کیا۔ آپ نے عصر حاضر کے جدید تقاضوں کے مطابق زبان اردو میں علم صرف کے ضروری مسائل کو جس فنی مہارت کے ساتھ مرتب فرما کر منصۂ شہود پر لایا ہے وہ حضرت والا کے اعلیٰ کمالات علمی پر دال ہے۔ ہمارے خیال میں زبان اردو میں یہ اپنی مثال آپ پہلی بے نظیر کتاب ہے جو اس فن میں لکھی گئی ہے۔ طرز بیان شگفتہ عبارت سہل و دلکش، ترتیب انوکھی اور مفید، ہر سبق کے آخر میں مفید تمرینات یہ اس کتاب کی ایسی چند خصوصیات ہیں جس نے کتاب کو چار چاند لگا دیا ہے۔

ہمیں یقین ہے کہ اگر اس کتاب کو مدارس عربیہ میں داخل نصاب کر لیا جائے تو طلبۂ مدارس کے لئے بیحد مفید ثابت ہوگی۔

محمد قاسم عفی عنہ مدرس مدرسہ حکیمیہ چنیوٹی۔

بندہ محمد عبد الرشید عفی عنہ مدرس دوم۔

بندہ محمد امین کان اللہ لہ ولوالدیہ خادم الطلبہ چنیوٹی حکیمیہ سنیئر مدرسہ

درس (۱)

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
نَحۡمَدُہٗ وَنُصَلِّیۡ عَلٰی رَسُوۡلِہِ الۡکَرِیۡمِ

امّا بعد یہ کتاب دروس صرفیہ کا تیسرا حصہ ہے اس کو ہشتم اور ہفتم دونوں سال میں پڑھانا موزون ہے۔

ہفت اقسام

تم حروف ہجا کو خوب جانتے ہو۔ ان میں وٓ آ یٓ کو بھی پہچانتے ہو۔ ان تینوں کو حروف علت کہتے ہیں۔ لفظ علت کا معنی بیماری ہے۔ عرب کے بیمار لوگوں کے منہ سے تکلیف کے وقت بے اختیار لفظ وَائی نکلتا ہے جو ان تینوں حرفوں کا مجموعہ ہے۔

ضمہ (پیش) کو دراز پڑھو تو وٓ بنتا ہے اس لئے اسکو وٓ کی بہن کہتے ہیں۔ فتحہ (زبر) کو دراز کرو آ بنتا ہے وہ اسکی بہن ہے۔ کسرہ (زیر) کو دراز کرو تو یٓ بنجاتی ہے وہ اسکی بہن ہے۔

حرف علت ساکن اور اس کے ماقبل کی حرکت اس کے موافق ہو یعنی وٓ کے ماقبل ضمہ اور یٓ کے ماقبل کسرہ اٗ کے ماقبل فتحہ ہو اس حرف علت کو مَدّہ کہا جاتا ہے مَدّ کا معنی دراز کرنا ہے۔ حرکت کو دراز کرنے سے یہ حروف پیدا ہوتے ہیں اس لئے ان کو مَدّہ کہتے ہیں۔

حرف علت ساکن ہو، حرکتِ ماقبل موافق نہ ہو اس حرف علت کو لین کہتے ہیں۔ کیونکہ یہ نرم و کمزور ہیں ثقیل حرکت ضمہ وکسرہ کو برداشت نہیں کرتے۔ ان میں آ تو کسی حرکت ہی کو برداشت نہیں کرتا۔ وٓ یٓ صرف فتحہ کو برداشت کرتے ہیں۔

عربی زبان کے بہت سے کلمات (اسم وفعل) میں حرف علت بھی ہوتا ہے لیکن جب

اسم وفعل میں حرف علت ہو اس کو مُعتل اور جس میں ہمزہ ہو اس کو مہموز اور جس میں دو حرف ہمجنس ہوں اس کو مضاعف اور جس میں اُن میں سے کوئی حرف نہ ہو اس کو صحیح کہتے ہیں۔ پس اسماء وافعال چار قسم کے نکلے۔ صحیح ۔ مہموز ۔ مضاعف ۔ معتل ۔ اب ہر ایک کی تعریف یاد کرلو۔

صحیح وہ اسم یا فعل ہے جس کے حروف اصلی میں ہمزہ ، حرف علت اور دو حرف ایک جنس کے نہ ہوں جیسے ضَرَبَ ۔ بَعْثَرَ ۔ رَجُلٌ ۔ جَحْمَرِشٌ

مہموز وہ اسم یا فعل ہے جس کے اصلی حروف میں ہمزہ ہو ۔ اسکی تین قسمیں ہیں۔

مہموز الفاء جس کا ف کلمہ ہمزہ ہو جیسے أَمَرَ ۔ إِبِلٌ ۔ یہ ابواب نضکسّ ف سے آتا ہے

مہموز العین جس کا ع کلمہ ہمزہ ہو جیسے سَأَلَ ۔ رَأْسٌ یہ جنس باب فکس ض سے آتا ہے۔

مہموز اللام جس کا ل کلمہ ہمزہ ہو جیسے قَرَأَ ۔ جُزْءٌ یہ جنس باب فکس ض ن سے آتا ہے ۔

معتل وہ اسم یا فعل ہے جس کے اصلی حرفوں میں حرف علت ہو ۔ اسکی تین قسمیں ہیں۔

معتل الفاء جس اسم یا فعل کا ف کلمہ حرف علت ہو ۔ اس کو مثال کہتے ہیں ۔ اگر ف کلمہ وَ ہو اس کو مثال واوی اور اگر یَ ہو اس کو مثال یائی کہتے ہیں جیسے وَعَدَ ۔ وَرْدٌ ۔ یَسَرَ یُمْنٌ ۔ مثال واوی باب ضفکسح سے اور مثال یائی باب ضفسک ح سے آتا ہے ۔

معتل العین ۔ جس اسم یا فعل کا ع کلمہ حرف علت ہو ۔ اس کو اجوف کہتے ہیں ۔ اگر ع کلمہ وَ ہے تو اجوف واوی اور اگر یَ ہے تو اجوف یائی کہا جاتا ہے ۔ جیسے قَالَ (قَوَلَ) قَوْلٌ ۔ بَاعَ (بَيَعَ) بَيْعٌ ۔ اجوف واوی باب نسق سے اور یائی باب سکق ن سے آتا ہے

معتل اللام ۔ جس اسم یا فعل کا ل کلمہ حرف علت ہو ۔ اس کو ناقص کہتے ہیں ۔ اگر ل کلمہ وَ ہے

ع یعنی باب نَصَرَ ۔ ضَرَبَ ۔ کَرُمَ ۔ سَمِعَ ۔ فَتَحَ سے آتا ہے اول میں زیادہ ضَرَبَ میں اس سے کم کَرُمَ میں اس سے بھی کم سَمِعَ میں کَرُمَ سے کم اور فَتَحَ میں اس سے بھی کم آتا ہے بلکہ شاذ ہے اس لئے اس کو جدا لکھا گیا ہے آئندہ بھی اسی ترتیب کا خیال رکھو ۔ ١٢

تو ناقص واوی اور اگر یؔ ہے تو ناقص یائی کہا جاتا ہے۔ جیسے دَعَا (دَعَوَ) نَفْرٌ۔ رَمٰی (رَمَیَ) ظَبْیٌ ناقص واوی ھنکف ضَ سے اور یائی باب ضَقَس کن سے آتاہے۔ اگر کلمہ میں دو حرف علت ہو وہ معتل بدو حرف ہے اس کا نام لفیف ہے۔ یہ دو قسم پر ہے لفیف مفروق۔ جس میں دونوں حرفِ علت کے درمیان حرفِ صحیح فاصل ہے چوں وَلِیَ۔ دَحْیٌ یہ جنس باب ضحس سے آتا ہے۔ لفیفِ مقرون۔ جس میں دونوں حرف علت یکجا ہیں۔ چوں طَوَیٰ۔ یَوْمٌ یہ باب سفض سے آتا ہے۔

مضاعف وہ اسم یا فعل ہے جس کے حروف اصلیہ میں دو حرف ایک جنس کے ہوں۔ یہ دو قسم پر ہے۔ مضاعف ثلاثی اگر عؔ اور لؔ کلمہ ایک جنس کے ہوں۔ جیسے مَدَّ (مَدَدَ) سَبَبٌ یہ خنس ک سے آتا ہے۔ مضاعف رباعی اگر فؔ کلمہ اور لؔ اول پھر عؔ کلمہ اور لؔ ثانی ایک جنس کے ہوں چوں خَضْخَضَ۔ زَلْزَلَۃٌ۔

اس بیان سے گیارہ قسمیں نکل آئیں لیکن علم صرف والوں نے ان سب کو سات قسموں میں منحصر کر دیا ہے۔ اور وہ ہفت اقسام کے نام سے مشہور ہیں۔

شعر

صحیح است و مثال است و مضاعف ÷ لفیف و ناقص و مہموز و اجوف

التمرین

مندرجۂ ذیل اسماء و افعال میں کون کس قسم میں داخل ہے نشان بتاؤ۔

جَصٌّ۔ عمارت کا چونہ۔ جَلَّ عظیم الشان ہے۔ جَلْمَدٌ سخت پتھر۔ دَقَّتٌ۔ وقت دَجَبَ لازم ہوا۔ یَفْتَقِیْ۔ سائن بورڈ۔ یَثْعَوُ۔ بکری آواز کر رہی ہے۔ لَوْنٌ۔ رنگ یَلُوْمُ۔ سرزنش کرتا ہے۔ حَیْفٌ۔ ظلم۔ یَحْیٰشُ۔ زندگی گذارتا ہے۔ لَھْوٌ۔ کھیل۔ یَرْجُوْ۔ امید کرتا ہے۔ سَعْیٌ۔ کوشش کرنا۔ یَرْمِیْ پھینکتا ہے۔ اِبْطٌ بغل۔ اَذِنَ اجازت دی۔ بِئْرٌ۔ کنواں۔ تَسْئَمُ۔ تھک جاتا ہے۔ جُزْءٌ۔ پارہ۔ تَغَیَّظَ غصہ ہوا۔

وَشْيٌ: نقش ونگار۔ وَلِيَ: نزدیک ہوا۔

درس (۲) مرکبات

جنس مرکب وہ ہے کہ ایک اسم یا فعل میں اجناس مذکورہ سے دو جنس پائے جاتے ہیں۔ اسکی سولہ قسمیں ہیں۔

اجناس مرکبہ	مثال	معنی	باب
۱) مہموز الفا واجوف واوی	أَوْبٌ	لوٹنا	نَصَرَ يَنْصُرُ۔ وسَمِعَ يَسْمَعُ
۲) مہموز فا واجوف یائی	أَيْدٌ	قوی ہونا	ضَرَبَ يَضْرِبُ ״ ״
۳) مہموز فا وناقص واوی۔	أَلْوٌ	کوتاہی کرنا	نَصَرَ يَنْصُرُ۔ وكَرُمَ يَكْرُمُ
۴) مہموز فا وناقص یائی	أَدْيٌ	دودھ کا جم جانا	ضَرَبَ يَضْرِبُ وسَمِعَ يَسْمَعُ
۵) مہموز عین ومثال واوی۔	وَأْدٌ	زندہ درگور کرنا۔	״ ״ ״
۶) مہموز عین ومثال یائی	يَأْسٌ	ناامید ہونا	سمع وحَسِبَ يحسب
۷) مہموز عین وناقص واوی	دَأْوٌ	ہنکانا اونٹ کو	فَتَحَ ونَصَرَ وضَرَبَ
۸) مہموز عین وناقص یائی	رَأْيٌ	دیکھنا	فَتَحَ وضَرَبَ
۹) مہموز لام ومثال واوی۔	وَبَأٌ	اشارہ کرنا	فَتَحَ۔ كَرُمَ۔ سَمِعَ۔ حَسِبَ
۱۰) مہموز لام واجوف واوی	بَوْءٌ	لوٹنا۔	نَصَرَ۔ وسَمِعَ
۱۱) مہموز اللام واجوف یائی	شَيْءٌ	چاہنا۔	ضَرَبَ۔ سَمِعَ۔ كَرُمَ
۱۲) مہموز فا ولفیف مقرون	أَوْيٌ بروزن فُعُولٌ	پناہ لینا	ضَرَبَ
۱۳) مہموز عین ولفیف مفروق	وَعْيٌ	واجب کرنا	״
۱۴) مہموز فا ومضاعف	أَبٌّ	کھینچنے کیلئے تلوار پر ہاتھ مارنا	نَصَرَ۔ ضَرَبَ۔ سَمِعَ
۱۵) مثال واوی ومضاعف	وُدٌّ	دوست رکھنا	سَمِعَ
۱۶) مثال یائی ومضاعف	يَمٌّ	دریا میں ڈالنا	״

درس (۳)

یاد رکھو کہ ہفت اقسام اور مرکب اقسام کے سب افعال جو عربی زبان میں ہیں ہر قسم کے فعل ہر باب میں مستعمل نہیں ہوتے۔ اس لئے ہم تم کو کون کون قسم کے افعال کن کن بابوں سے بکثرت استعمال میں آتے ہیں مثالوں کے ساتھ انشاء اللہ آگے چل کر بتائیں گے تم سمجھکر ان کو یاد کرلو گے۔

اور ضرور یاد رکھو کہ کلمہ کے اندر حرف علت یا ہمزہ یا ایک جنس کے دو حرف یکجا ہونیکے سبب جو ثقل اور گرانی پیدا ہوتی ہے عرب والے اس کو بہت کم برداشت کرتے ہیں۔ اس کو دور کرنے کیلئے وہ چند قسم کی کارروائی حسب موقع کرتے ہیں پہلے ہم ان کارروائیوں کے قاعدے بتا رہے ہیں ان کو سمجھ لو تاکہ سامنے چلکر کوئی دقت نہو کلمہ سے ثقل وگرانی کو دور کرنیکے آٹھ قاعدے ہیں۔ سب کے نام پہلے یاد کرلو۔

(۱) اسکان۔ (۲) تحریک۔ (۳) حذف (۴) زیادت (۵) ابدال۔ (۶) ادغام۔ (۷) قلب۔ (۸) تسہیل۔

اسکان

اسکان کا معنی ہے ساکن کردینا یعنی حرف سے حرکت کو دور کردینا۔ اس کی دو صورتیں ہیں۔ (۱) حرف کی حرکت دوسرا حرف میں منتقل کردینا جیسے یَقُوْلُ کہ اصل میں یَقْوُلُ یَنْصُرُ کے وزن پر ضمہ واو پر بھاری ہوا اس کو نقل کرکے ماقبل حرف قؔ پر دیدیا۔ یَقُوْلُ بن گیا اور آسان ہوگیا۔ (۲) حرف کی حرکت کو اسقاط کرنا یعنی گرا دینا جیسے یَدْعُوْ اصل میں یَدْعُوُ تھا ضمہ واو پر ثقیل ہوا پس اس کو گرادیا۔ یَدْعُوْ ہوگیا۔

تحریک

دوساکن یکجا ہو جائیں تو پڑھنا مشکل ہے۔ تو ان دونوں سے ایک کو حرکت دیجاتی ہے جیسے دَعِ الْبَاطِلَ اصل دَعْ الْبَاطِلَ۔ صیغہ امر دَعْ جب اَلْبَاطِلُ سے مل گیا تو ہمزہ ساقط ہوگیا۔ اب عین ساکن اور لام ساکن دوساکن جمع ہو گئے۔ ساکن اول عین کو کسرہ دیا گیا۔ تو دَعِ الْبَاطِلَ ہوگیا۔۔ اسی طرح خُذِ الْحَقَّ قُلِ الْحَقَّ وغیرہما ہیں۔

حذف

کلمہ سے حرکت یا حرف کو گرادیا جاتا ہے تاکہ ثقل دور ہو وتلفظ میں آسانی ہو جیسے یَعِدُ فعل سے وَ کو گرادیا گیا۔ اس گرادینے کا نام حذف ہے یَعِدُ اصل میں یَوْعِدُ تھا یَضْرِبُ کے وزن پر۔

زیادت

دو ہمزہ ایک جگہ جمع ہونے سے پڑھنے میں کچھ ثقل ہوجاتا ہے۔ آسانی کے لئے دونوں کے درمیان ایک الف بڑھادیتے ہیں اس کو زیادت کہتے ہیں جیسے اَاَنْتَ اصل میں آاَنْتَ تھا۔

اِبْدَال

ایک حرف کو دوسرے حرف سے یا ایک حرکت کو دوسری حرکت سے بدلنا۔ جیسے قَالَ کہ اصل میں قَوَلَ تھا۔ وَ کو الف سے بدل دیا گیا۔ تَلَقِّیْ اصل میں تَلَقُّوٌ تھا قَ کے ضمہ کو کسرہ سے بدل دیا گیا۔ اور وَ بعد کسرہ کے یَ ہوگئی۔

ادغام

ایک جنس کے دو حرف یکجا ہو جائیں تو ان دونوں میں سے اول کو ساکن کر کے دوسرے کے ساتھ ملا کر پڑھنے کا نام ادغام ہے جیسے مَدَّ کہ اصل میں مَدَدَ تھا۔

قلب

آسانی کے لئے کلمہ کے حرفوں میں سے بعض مقدم حرف کو اس سے مؤخر کی جگہ میں لاکر اس مؤخر کو مقدم کی جگہ پر لانا۔ اس عمل کا نام قلب ہے جیسے اَیِسَ اصل میں یَئِسَ تھا یٰ کو ہمزہ کی جگہ پر لاکر ہمزہ کو یٰ کی جگہ پہونچا دیا گیا۔

تسہیل

ہمزہ کو درمیان مخرج ہمزہ اور اس حرف علت کے پڑھنا جو موافق حرکت ہمزہ یا موافق حرکت ماقبل ہمزہ کے ہو جیسے مُسْتَهْزِءُوْنَ کے ہمزہ کو درمیان ہمزہ اور وٗ کے پڑھیں تو اس کو بین بین قریب کہتے ہیں اور یہ بھی جائز ہے کہ ہمزہ کو درمیان ہمزہ اور یٰ کے پڑھیں تو یہ بین بین بعید ہے۔

ان قاعدوں کو تم نے سمجھکر یاد کر لیا ہے۔ اب اس بات کو سمجھ لو کہ معتل کلمہ کے ثقل دور کرنے کیلئے جو تصرف اور کارروائی کرتے ہیں اس کو اعلال اور تعلیل کہتے ہیں اور جو تصرف مہموز کلمہ میں ہوتا ہے اس کو تخفیف اور جو تصرف مضاعف میں ہوتا ہے اس کو ادغام کہا جاتا ہے۔

یہ بات بھی یاد رکھو کہ جو ہفت اقسام ہم نے تم کو بتایا ہے ان کو علم صرف والے، صفت اجناس بھی کہتے ہیں بعض کتابوں میں اسی نام سے بھی ذکر کئے گئے اسکو دیکھکر تم حیرت میں نہ پڑو گے

درس (۴۲)

معتل، مہموز وغیرہ الفاظ کی تخفیف کے آٹھ قواعد جنکو تم نے سمجھکر یاد کرلیا ہے ان کیلئے الگ الگ اصول وقوانین ہیں۔ یہاں پر ہر جنس کے لئے الگ الگ اصول مثالوں کے ساتھ تم کو بتائی جائیں گی۔ سب کو سمجھکر ازبر کرلو۔ سامنے جب معتل ومضاعف و مہموز کے افعال مختلف ابواب میں پیش آئیں گے ان میں تعلیل وادغام واسکان کے وقت تمہیں دقت نہ ہوگی۔ بآسانی سب کچھ سمجھ لوگے۔

اصول مہموز

اصل اوّل (الف) ہمزۂ منفردۂ ساکنہ کو مثل یأمَّ اور یأوِیُ کے غیر میں اس کے ماقبل کی حرکت کی اُخت حرف علت سے بدلنا جائز ہے جیسے رَاسٌ۔ بُوْسٌ۔ ذِیْبٌ اصل میں رَأْسٌ۔ بُؤْسٌ۔ ذِئْبٌ تھے۔

(ب) ہمزہ ساکنہ جو دوسرے ہمزۂ متحرکہ کے بعد ہو تو اس دوسرے ہمزہ کو ماقبل کی حرکت کے موافق حرف علت سے بدلنا واجب ہے جیسے آمَنَ۔ اُوْمِنَ۔ اِیْمَانًا اصل میں أَأْمَنَ۔ أُؤْمِنَ۔ إِئْمَانًا تھے۔

(ج) کُلْ۔ وخُذْ ومُرْ میں جو اصل میں أُأْکُلْ۔ أُأْخُذْ۔ أُأْمُرْ تھے دوسرا ہمزہ کو کثرت استعمال کے سبب خلاف قیاس حذف کرتے ہیں پھر ابتدا بسکون نہ رہنے کی وجہ سے پہلا ہمزہ کو ساقط کردیتے۔

اصل دوم ۔ جب ہمزۂ متحرکہ واو یا یائے ساکنہ زائدہ غیر الحاقی کے بعد کسی کلمہ میں

عہ یأمَّ سے مراد وہ لفظ ہے کہ جس میں ابدال ہمزہ کے لئے ادغام مانع ہو۔ اور یأوِیُ سے مراد وہ لفظ ہے کہ جس میں تخفیف ہمزہ کے مانع ہو۔

واقع ہو تو اس کو جنس ماقبل سے بدلنا جائز ہے اور اجتماع متجانسین کی وجہ سے ادغام واجب جیسے أُفَیْسٌ۔ مَقْرُوَّۃٌ۔ خَطِیَّۃٌ کہ اصل میں اُفَیْئِسٌ۔ مَقْرُوْءَۃٌ۔ خَطِیْئَۃٌ تھے پہلا اور تیسرا میں ہمزہ کو جنس ماقبل یٰ سے بدلکر ادغام کیا گیا اور دوسرا میں ہمزہ کو وٓ سے بدلکر ادغام کیا۔

اصل سوم ۔ اگر ہمزہ متحرکہ وٓ یا یٰ مذکورہ اور الف و نون انفعال کے غیر کے بعد واقع ہو اور ماقبل ساکن ہو تو اس کی حرکت کو ماقبل میں دیکر اس کو حذف کرنا جائز ہے جیسے سَلْ۔ جَیَلٌ۔ مَلَوٌ۔ لَحْمَرُ کہ اصل میں اِسْئَلْ۔ جَیْئَلٌ۔ لَمْأَرٌ۔ اَلْأَحْمَرُ تھے۔

ثلاثی مجرد کے یَرَیٰ۔ یُرَیٰ الخ اور باب افعال کے أَرَیٰ۔ یُرِیْ۔ یُرَیٰ وغیرہ کے تمام گردانوں میں کثرت استعمال کی وجہ سے خلاف قیاس ہمزہ کا حذف واجب ہے اور کبھی ہمزہ مفتوحہ کی حرکت ماقبل کو دیکر اس کو الف سے بدل دیتے ہیں جیسے مَرَاۃٌ کہ اصل میں مَرْأَۃٌ تھا

اصل چہارم ۔ (الف) ہمزہ متحرکہ جب کہ ہمزہ متحرکہ کے بعد واقع ہو تو دوسرا ہمزہ وجوباً یٰ ہو جائے گا مگر شرطیہ ہے کہ دوسرا ہمزہ یا پہلا ہمزہ مکسور ہو جیسے اَیِمَّۃٌ جَاءٍ یٌ۔ کہ اصل میں أَءِمَّۃٌ جَاءِءٌ تھے۔

(ب) اور جبکہ دوسرا ہمزہ یا پہلا ہمزہ مفتوح یا مضموم ہو تو دوسرا ہمزہ وٓ ہو جاتا ہے جیسے أَوَادِمُ۔ أُوَدِّمُ کہ اصل میں أَأَادِمُ۔ اور أُءَدِّمُ (مضارع واحد متکلم) تھے

اصل پنجم ۔ ہمزہ مفتوحہ منفردہ اگر کسرہ کے بعد ہو تو یٰ سے اور اگر ضمہ کے بعد ہو تو وٓ سے جوازاً بدل جاتا ہے۔ جیسے مِیَرٌ۔ جُوَنٌ۔ اصل میں مِءَرٌ جُؤَنٌ تھے

درس (۵) اصول مثال

اصل اول ۔ جبکہ وٓ مضموم یا مکسور فعل یا اسم کے شروع میں ہو یا وٓ مضموم وسط کلمہ

یس ہو تو اس کو ہمزہ سے بدلنا جائز ہے۔ جیسے اُقِّتَتْ - اِشَاحٌ - اَدْءُرٌ کہ اصل میں وُقِّتَتْ - وِشَاحٌ - اَدْوُرٌ تھے۔

و مفتوح کو ہمزہ سے بدل دینا اور و مضموم کو ت سے بدلنا شاذ ہے جیسے أَحَدٌ اصل میں وَحَدٌ تُرَاثٌ اصل میں وُرَاثٌ۔ تُكَلَانٌ اصل میں وُكَلَانٌ تھے۔

اصل دوم ۔ حرف علت ساکن غیر مدغم کسرہ کے بعد ی سے اور ضمہ کے بعد و سے بدل جاتی ہے۔ جیسے مِيْزَانٌ - مُوْقِنٌ کہ اصل میں مِوْزَانٌ - اور مُيْقِنٌ تھے۔

اصل سوم۔ جو صفت مشبہ فُعْلَیٰ یا فُعْلٌ (یہ وہ فُعْلٌ ہے جو اَفْعَلُ اور فَعْلَاءُ کی جمع ہے) کے وزن پر ہو اور عین کلمہ ی ہو تو ضمہ ما قبل ی کو کسرہ سے بدل دینگے جیسے حِيْكَىٰ - بِيْضٌ کہ اصل میں حُيْكَىٰ اور بُيْضٌ تھے

طُوْبیٰ اور کُوْسیٰ کہ اصل میں طُيْبیٰ اور كُيْسیٰ تھے اُن میں ضمہ ما قبل کو کسرہ سے نہیں بدلا بلکہ ی بدل گئی و سے۔ کیونکہ ان میں اسمیت غالب آگئی ہے۔

اصل چہارم۔ جو واو علامت مضارع کے فتحہ کے بعد اور کسرہ تحقیقی یا تقدیری کے قبل واقع ہو وہ بوجہ ثقل گر جاتا ہے جیسے يَعِدُ۔ يَضَعُ کہ اصل میں يَوْعِدُ اور يَوْضَعُ تھے۔ يَوْضَعُ کے ضاد میں کسرہ تقدیری ہے کیونکہ يَوْضَعُ اصل میں باب ضرب میں يَوْضِعُ تھا حرف حلقی کے سبب اس کو باب فتح میں استعمال کرنے لگے۔ عِدْ وغیرہ میں واو حذف کیا گیا کیونکہ یہ سب مضارع کے تابع ہیں۔

باب عَلِمَ کے مثال واوی کے مضارع میں تین لغت آتے ہیں جیسے يَوْجَلُ کو دیکھو

۱ اول و کو ا سے بدلنا چنانچہ يَوْجَلُ سے يَاجَلُ۔

۲ دوم۔ و کو ی سے بدلنا چنانچہ يَوْجَلُ سے يِيْجَلُ۔

۳ سوم۔ و کو ی سے بدلنا اور علامت مضارع کے فتحہ کو کسرہ سے بدل دینا جیسے يِيْجَلُ

اصل پنجم۔ جو و مصدر کے فا کلمہ میں واقع ہو۔ اور فعل سے و گر گئی ہو۔ تو وہ و گر جاتی

ہے اور آخر میں اس کے عوض ۃ بڑھائی جاتی ہے۔ جیسے سِعَۃٌ اصل میں وُسْعٌ تھا اور زِنَۃٌ اصل میں وَزْنٌ تھا۔ ھِبَۃٌ اصل میں وَھْبٌ تھا۔

اصل ششم۔ جبکہ و ساکن یا ی ساکن باب افتعال کے فاء کلمہ ہو اور ہمزہ سے بدلی ہوئی نہ ہو تو وہ ت سے بدل کر تائے افتعال میں مدغم ہو جاتی ہے جیسے اِتَّقَدَ کہ اصل میں اِوْتَقَدَ تھا اور اِتَّسَرَ اصل میں اِیْتَسَرَ تھا۔

اصل ہفتم۔ اگر دو و متحرک اول کلمہ میں واقع ہوں تو پہلی و کو ہمزہ سے بدلنا واجب ہے جیسے اَوَاصِلُ کہ اصل میں وَوَاصِلُ تھا اور اُوَلٌ اصل میں وُوَلٌ تھا۔

اگر دوسرا و ساکن ہو تو پہلے کو ہمزہ سے بدلنا جائز ہے (واجب نہیں) جیسے اُوْدِیَ کہ اصل میں وُوْدِیَ تھا اور اُوْلٰی میں جو کہ اصل میں وُوْلٰی تھا اُوَلٌ کے موافقت کے لحاظ سے اول و وجوباً ہمزہ ہو گیا۔

درس (۶) اصول اجوف

اصل اول۔ جبکہ و یا ی حرکت اصلی کے ساتھ متحرک ہو اور بعد فتحہ لازم کے واقع ہو تو اس و۔ ی کو الف سے بدلنا واجب ہے جیسے قَالَ (اصل میں قَوَلَ تھا) بَاعَ (اصل میں بَیَعَ تھا) بَابٌ (اصل میں بَوَبٌ تھا) نَابٌ (در اصل نَیَبٌ تھا)

لیکن اس ابدال میں آٹھ شرطیں ہیں۔

(۱) وہ و۔ ی ناقص حقیقی یا ناقص حکمی کا عین کلمہ نہ ہو جیسے طَوَیٰ (ناقص حقیقی) اِدْعَوٰی کہ اصل میں اِدْعَوَوَ تھا (ناقص حکمی)

(۲) وہ و۔ ی۔ کلمہ کے فا کلمہ نہ ہوں جیسے وَعَدَ۔ یَسَرَ

(۳) مدہ زائدہ کے ماقبل نہ ہوں۔ جیسے طَوِیْلٌ۔ غَیُوْرٌ۔

(۴) الف تثنیہ کے ماقبل نہ ہوں جیسے دَعَوَا۔ رَمَیَا۔

(۵) یائے مشدد کے ماقبل نہ ہوں جیسے عَصَوِیٌّ

(۶) نون ثقیلہ و خفیفہ کے ماقبل نہ ہوں جیسے اِرْضَیَنَّ - تُدْعَوُنَّ

(۷) وہ کلمہ فَعَلَانٌ (بفتحتین) اور فَعَلیٰ (بفتحتین) کے وزن پر نہ ہو جوں جَوَلَانٌ صَوَرَیٰ۔

(۸) اس کلمہ کے ہم معنی نہ ہو جس میں تعلیل کا قاعدہ مفقود ہے جیسے عَوِرَ - صَیِدَ بمعنی اِعْوَرَّ - اِصْیَدَّ۔

اصل دوم۔ جب وَ - یَ ماضی مجہول کے عین کلمہ ہو اور ماضی معروف کے اندر ان میں تعلیل ہو چکی ہو تو ماقبل کے ضمہ دور کر کے ان کا کسرہ ماقبل کو دیا جائے گا۔ اس کے بعد وَ بدل کر یَ ہو جائے گی جوں قِیْلَ - بِیْعَ۔

اصل سوم۔ جب ثلاثی مجرد کے ماضی مکسور العین اجوف واوی یا اجوف یائی ہو اور اجتماع ساکنین کے سبب عین کلمہ ساقط ہو گیا ہو تو اس کے فا کلمہ کو کسرہ دیا جائے گا جیسے خِفْنَ - بِعْنَ۔ اور اگر وہ اجوف غیر مکسور العین ہو تو فا کلمہ کو ضمہ دیا جائے گا جیسے قُلْنَ

اصل چہارم۔ جب وَ یا یَ متحرک ساکن غیر لین زائد کے بعد فعل یا شبہ فعل کے عین کلمہ میں واقع ہو تو ان کی حرکت ماقبل میں دی جائے گی جیسے یَقُوْلُ - یَبِیْعُ - قُلْ - بِعْ خَفْ - اَقَامَ - اِقَامَۃٌ - اِضَاعَۃٌ اور اجوف یائی کے مفعول میں ضمۂ منقولہ کو کسرہ سے اور واو مفعول کو یَ سے بدل دیا جاتا ہے جیسے مَبِیْعٌ۔

اصل پنجم۔ جو وَ مصدر یا جمع کے عین کلمہ میں کسرہ کے بعد واقع ہو اس کے فعل اور واحد میں تعلیل ہوئی ہو یا واحد میں بغیر تعلیل کے ساکن ہو اور جمع میں الف سے پیشتر واقع ہو تو وہ وَ بدل کر یَ ہو جاتی ہے۔ جیسے قِیَامٌ (اصل میں قِوَامٌ)، قِیَمٌ (اصل میں قِوَمٌ) - دِیَمٌ - (اصل میں دِوَمٌ) جِیَادٌ (جِوَادٌ) - رِیَاضٌ (اصل میں رِوَاضٌ) آپ سمجھ لو۔

(۱) خِوَانٌ (خوانچہ) اور عِوَضٌ میں و بدلکر ی نہ ہوئی کیونکہ یہ الفاظ مصدر یا جمع نہیں ہیں۔

(۲) دَوَامٌ و لِوَاذٌ میں باوجود مصدریت کے و نہ بدلی کیونکہ بعد کسرہ نہیں ہے اور دُوَارٌ میں بعد ضمہ کے ہے۔

(۳) جِوَازٌ مصدر جَاوَزَ کے۔ اس میں و نہ بدلی کیونکہ جَاوَزَ میں و معلل نہ ہوئی۔

(۴) طِوَالٌ جمع طَوِیْلٌ کی۔ اس میں و نہ بدلی کیونکہ واحد میں و ساکن نہیں ہے۔

(۵) عِوَدَةٌ جمع عَوْدٌ کی اس میں و نہ بدلی کیونکہ و قبل الف نہیں ہے۔

(۶) رِوَاءٌ جمع رَیَّانٌ اصل میں رِوْیَانٌ تھا۔ اس میں و نہ بدلی کیونکہ یہ ناقص ہے تو اس پر اعلالین لازم آوے گا

اصل ششم۔ جو و یا ی ثلاثی مجرد کے اسم فاعل کے عین کلمہ میں واقع ہو اور فعل کے اندر وہ معلل ہوا ہو یا اس کا فعل نہ ہو وہ و اور ی ہمزہ سے بدل جاتی ہے جیسے قَائِلٌ۔ بَائِعٌ۔ غَائِطٌ۔ سَائِفٌ۔ اخیر دونوں کے فعل نہیں ہے۔

اصل ہفتم۔ جب دو حرف علت الف مَفَاعِلُ کے آگے پیچھے واقع ہو تو بعد کی حرف علت ہمزہ سے بدل دی جائے گی۔ جیسے اَوَائِلُ۔ اصل میں اَوَاوِلُ تھا۔ بَوَائِعُ اصل میں بَوَایِعُ تھا۔

اصل ہشتم۔ جو مدہ زائدہ الف مَفَاعِلُ کے بعد آئے وہ ہمزہ ہو جاتا ہے جوں رَسَائِلُ اصل میں رَسَایِلُ تھا جمع رِسَالَۃ کی ہے

اصل نہم۔ جو الف زائد واحد میں مدّہ ہو اور مَفَاعِلُ یا مَفَاعِیْلُ کے الف جمع کے پیشتر واقع ہو وہ الف و ہو جاتا ہے جیسے قَوَارِیْرُ۔ قَوَاعِدُ۔ جمع قَارُوْرَۃ و قَاعِدَۃ کی

اصل دہم۔ جب و اور ی باہم مقدم و موخر ایک کلمہ میں جمع ہوں اور اول ساکن غیر مبدل ہو تو و بدلکر ی ہوگی۔ اور دوسری ی میں مدغم ہوگی۔ ان کے ماقبل ضمہ ہو تو ی

کی مناسبت سے کسرہ سے بدل جائے گا۔ اور فتحہ ہو تو بحال رہے گا۔ جیسے مَرْمِیٌّ مُسْلِمِیَّ۔ سَیِّدٌ۔ مَیِّتٌ اخیر دونوں اور ان کے مثل سے دوسری ی حذف کرنا جائز ہے جیسے سَیْدٌ۔ مَیْتٌ۔

درس ۱۷ اصول ناقص

اصل اول۔ جو و کسرہ کے بعد طرف کلمہ میں واقع ہو وہ ی ہو جاتا ہے۔ جیسے رَضِیَ کہ اصل میں رَضِوَ تھا۔

اصل دوم۔ جب لام کلمے میں حرف علت مضموم اور اس کا ماقبل مکسور ہو اور اس کے بعد و ہو اسکی حرکت ماقبل کو دیتے ہیں۔ و نہ ہو تو حرکت حذف کر دیتے ہیں۔ جیسے یَرْمُوْنَ کہ اصل میں یَرْمِیُوْنَ تھا حرکت ی ماقبل کو دی گئی۔ ی اجتماع ساکنین سے گر گئی۔

اصل سوم۔ جو حرف علت لام کلمے میں مضموم اور اس کا ماقبل بھی مضموم ہو اس کی حرکت کو حذف کرتے ہیں پھر اجتماع ساکنین ہو تو گرا دیتے ہیں۔ جیسے یَدْعُوْنَ کہ اصل میں یَدْعُوُوْنَ تھا۔ و کا ضمہ حذف کیا گیا۔ اور اجتماع ساکنین سے گر گیا۔ یَرْمُوْنَ کہ اصل میں یَرْمِیُوْنَ تھا۔ ی کا ضمہ میم کو دیا اور اجتماع ساکنین سے ی گر گئی۔

اصل چہارم۔ جو حرف علت لام کلمے میں مکسور ہو اور اس کا ماقبل مکسور نہ ہو۔ اسکی حرکت ماقبل کو دیجاتی ہے بشرطیکہ اس کے بعد ی ہو۔ ورنہ حذف کر دیتے ہیں۔ پھر بسبب اجتماع ساکنین کے گرا دیتے ہیں۔ جیسے تَدْعِیْنَ کہ اصل میں تَدْعُوِیْنَ تھا۔ حرکت و عین میں گئی۔ و گر گیا۔

اصل پنجم۔ جو حرف علت لام کلمے میں مکسور ہو اور اس کا ماقبل بھی مکسور ہو اسکی حرکت کو حذف کر دیتے ہیں، پھر اجتماع ساکنین سے وہ گر جاتا ہے جیسے تَرْمِیْنَ اصل میں

ترمِیینَ تھا۔ ی کی حرکت کو حذف کیا اجتماع ساکنین کے سبب ی گر گئی۔

اصل ششم۔ جو وَ کلمہ میں تیسری جگہ ہو جب زیادتی کے سبب چوتھی جگہ یا اس سے زیادہ ہو جائے اور حرکت ماقبل اس کے مخالف ہو وہ وَ بدلکر یَ ہو جاتا ہے جیسے یَرْضَیَانِ۔ یَرْضَیْنَ کہ اصل میں یَرْضَوَانِ۔ یَرْضَوْنَ تھے۔

اصل ہفتم۔ جب دو وَ ایک کلمہ میں جمع ہوں۔ اور اول اُن میں ساکن ہو تو اسے دوسرے میں ادغام کر دیتے ہیں۔ جیسے مَدْعُوٌّ اصل میں مَدْعُوْوٌ تھا۔

اصل ہشتم۔ جب وَ اور یَ ایک کلمہ میں جمع ہوں اور اول اُن میں ساکن ہو تو وَ کو یَ سے بدلکر ادغام کرتے ہیں اگر ماقبل مضموم ہو تو ضمہ کو کسرہ سے بدل دیتے ہیں۔ جیسے مَرْمِیٌّ اصل میں مَرْمُوْیٌ تھا۔ وَ بدلکر یَ بنا۔ پھر ادغام ہوا میم کو کسرہ دیا گیا۔

متفرق تعلیلات

(۱) فُعْلیٰ اسمی کے لام کلمہ کی جگہ یَ ہو تو وہ وَ ہو جاتی ہے۔ جیسے فَتْوَیٰ۔ تَقْوَیٰ کہ اصل میں فَتْیَا اور تَقْیَا تھے لیکن فَعْلیٰ وصفی میں یَ بحال رہتی ہے جیسے صَدْیَا مونث صَدْیَانُ کے۔

(۲) فُعْلیٰ اسمی کے لام کلمہ کی جگہ وَ ہو تو وہ یَ ہو جاتا ہے۔ جیسے دُنْیَا۔ عُلْیَا کہ اصل میں دُنْوَا۔ عُلْوَا تھے۔ مگر فُعْلیٰ وصفی میں وَ بحال خود رہتا ہے جیسے غُزْوَیٰ مونث اَغْزَیٰ کے۔

(۳) جو وَ۔ ی اسم کے آخر میں بعد الف زائد کے ہو ہمزہ ہو جاتی ہے بشرطیکہ اُس کے آخر میں تائے تانیث لازم نہ ہو۔ جیسے دُعَاءٌ۔ بِنَاءٌ کہ اصل میں دُعَاوٌ۔ بِنَایٌ تھے۔ برخلاف عَدَاوَۃٌ۔ ہِدَایَۃٌ کے ان دونوں میں اور ان کے مانند لفظوں میں وَ ی ہمزہ نہیں ہوئے کیونکہ ان کے آخر میں تائے تانیث لازم ہے۔

(۴) جو وَ یَ اسم کے آخر میں بعد ضمہ اصلی کے ہو اور ہمزہ سے بدلا ہوا نہ ہو ضمہ ماقبل

کسرہ سے بدل جاتا ہے اور وَ برعایت کسرۂ ماقبل یٰ ہو جاتا ہے جیسے اَدْلٍ ۔ تَقَلْسٍ کہ اصل میں اَدْلُوٌ اور تَقَلْسِيٌ تھے ۔

درس (۸) ابواب مزید فیہ کے تعلیلات

(۱) اِعْلَاءٌ اور اِغْنَاءٌ اصل میں اِعْلَاوٌ (علو) اور اِغْنَايٌ (غنی) تھے وَ۔ یٰ طرف کلمہ میں الف زائد کے بعد واقع ہو کر ہمزہ ہو گیا۔

(۲) تَسْمِيَةٌ ۔ تَقْوِيَةٌ ۔ اصل میں تَسْمِيْوٌ ۔ تَقْوِيْوٌ تھے۔ مَرْمِیٌّ کے قاعدہ کے اعتبار سے تعلیل ہو کر تَسْمِيٌّ اور تَقْوِيٌّ ہونا چاہئے مگر بغرض تخفیف ایک یٰ کو حذف کیا اور دوسری کو فتحہ دیکر ۃ بعوض یائے محذوفہ آخر میں بڑھادی گئی۔ تَسْمِيَةٌ و تَقْوِيَةٌ ہوئے ۔

(۳) مُحَادَاةٌ ۔ مُلَاقَاةٌ اصل میں مُحَادَوَةٌ ۔ مُلَاقَيَةٌ تھے۔ وَ۔ یٰ بقاعدہ قَالَ الف سے بدل ہوئے ۔

(۴) تَعَدِّيًا ۔ تَمَنِّيًا ۔ اصل میں تَعَدُّوًا ۔ تَمَنُّيًا تھے ۔ وَ۔ یٰ متحرک ضمہ کے بعد آخر اسم میں واقع ہوئے ضمہ کو کسرہ سے اور وَ کو بسبب کسرۂ ماقبل یٰ سے بدلا تَعَدِّيًا و تَمَنِّيًا ہوئے۔

(۵) تَلَاقِيًا ۔ تَوَالِيًا اصل میں تَلَاقُوًا ۔ تَوَالُيًا تھے ان کی تعلیل ہو بہو تَعَدِّيًا و تَمَنِّيًا کے مانند ہے ۔

اصول مضاعف

اصل اول ۔ جب دو حرف ایک جنس کے جمع ہوں تو اول کو ثانی میں ادغام کیا جائے گا جیسے اَوَّلُ ۔ مَدَّ ۔ دَوَابُّ ۔ اصل میں اَوْوَلُ ۔ مَدَدَ ۔ دَوَابِبُ تھے ۔

اصل دوم ۔ دو حرف متجانس میں سے پہلا حرف اگر متحرک ہو اور اس کے ماقبل متحرک ہو یا مدہ تو اول کو ساکن کر کے ثانی میں ادغام کیا جائے گا جیسے فَرَّ ۔ حَابٌّ اور اگر ماقبل متحرک

یا مدہ نہ ہو تو اس کی حرکت ماقبل کو دیجائے گی اور ادغام ہوگا۔ جیسے یَمُدُّ اصل میں یَمْدُدُ تھا

اصل سوم۔ جبکہ دو حرف ایک جنس کے دو کلمہ میں واقع ہو اگر پہلا حرف ساکن غیر مدہ ہے تو ادغام واجب ہے جیسے اُذْكُرْ رَبَّكَ اور اگر پہلا حرف متحرک ہو اور اس کے ماقبل بھی متحرک ہے یا مدہ اور ثانی بھی حرکت والا ہو اس صورت میں ادغام جائز ہے جیسے لَا تَأْمَنَّا۔ (لَا تَأْمَنُنَا تھا) مَحْمُوْدُ دِّيَار۔

شرائط ادغام

ادغام کی آٹھ شرطیں ہیں۔ (۱) جس جگہ تعلیل اور ادغام دونوں کی گنجائش ہو تو تعلیل مقدم ہوگی۔ جیسے اِدْعَوٰی اصل میں اِدْعَوَدَ تھا۔ ادغام نہ کر کے تعلیل کی گئی۔ (۲) ادغام کے بعد دوسرے لفظ سے ملتبس نہ ہو جائے۔ جیسے سَبَبٌ میں ادغام نہ ہوا کیونکہ سَبٌّ سے ملتبس ہوگا۔ (۳) متجانسین میں پہلا حرف ہ سکتہ کا نہ ہو جیسے مَالِيَهْ هَلَكَ میرا مال ہلاک ہوا۔ (۴) متجانسین میں سے پہلا حرف مدہ نہ ہو جیسے قَالُوْا وَمَالَنَا (۵) متجانسین میں سے پہلا حرف ہمزہ سے بدلا ہوا نہ ہو جیسے تُوْوِيْ اصل میں تُؤْوِيْ تھا (۶) متجانسین میں سے پہلا حرف الف سے بدلا ہوا نہ ہو جیسے قُوْدِلَ مجہول قَاوَلَ کا (۷) پہلا حرف مدغم فیہ نہ ہو جیسے حَبَّبَ (۸) متجانسین میں سے دوسرا حرف الحاق کے لئے نہ ہو اور پہلا حرف متحرک ہو تاکہ ملحق ملحق بہ کی صورت برحال رہے جیسے قَرْدَدٌ ملحق بہ جَعْفَرٌ

موانع ادغام

(۱) متجانسین کا پہلا حرف کلمہ کے شروع میں ہونا خواہ وہ جزو کلمہ ہو یا علیحدہ کلمہ میں جیسے دَدَنٌ بمعنی کھیل اور بِبَلَدٍ۔ لیکن اگر پہلا حرف تائے علامت مضارع ہو اور دوسری تَ باب تَفَعُّل تَفَاعُل کے اور اول تَ متحرک ہو یا مدہ کے بعد واقع ہو تو ان دونوں

میں ادغام جائز ہے۔ جیسے فَتَنَزَّلُ۔ قَالُوا تَنَزَّلُ۔ فَتَبَّاعَدُ۔ قَالُوا تَبَّاعَدُ۔ اصل میں فَتَتَنَزَّلُ۔ قَالُوا تَتَنَزَّلُ۔ فَتَتَبَاعَدُ۔ قَالُوا تَتَبَاعَدُ تھے۔

(۲) دو ہمزوں میں خواہ ایک کلمہ میں یا دو کلموں میں ہوں ادغام نہیں جائز ہے جیسے قَرْءٌ۔ جَاءَ أَحَدُ۔ لیکن جس کلمہ کی وضع تشدید پر ہوئی ہو اس میں دو ہمزوں میں ادغام واجب ہے جیسے سَأَّلَ باب تفعیل سے

درس (۹)

ماشاء اللہ تم نے ہفت اقسام یا ہفت اجناس کو جان لیا ہے۔ اور اجناس مرکبہ کو بھی سیکھ لیا ہے۔ ان اقسام میں سے کون کون قسم کن کن بابوں میں بکثرت استعمال میں آتے ہیں اس کو بتاتا ہوں۔ اچھی طرح یاد کر لوگے تو انشاء العزیز صیغوں کے سمجھنے میں دقت نہ ہوگی۔

باب ضَرَبَ یَضْرِبُ

اس باب میں مندرجہ ذیل اجناس کے افعال بکثرت مستعمل ہوتے ہیں۔

صحیح۔ مثال^۲ واوی۔ مثال^۳ یائی۔ اجوف^۴ یائی۔ ناقص^۵ یائی۔ لفیف^۷ مفروق لفیف^۶ مقرون۔ مہموز^۸ الفاء۔ مہموز^۹ العین صحیح۔ مہموز^۱۰ الفاء و ناقص یائی۔ مہموز^۱۱ العین و مثال واوی۔ مہموز^۱۲ اللام و اجوف یائی۔ مہموز^۱۳ الفاء و لفیف مقرون۔ مہموز^۱۴ العین و لفیف مفروق۔ مضاعف^۱۵

(۱) صحیح۔ جیسے اَلضَّرْبُ مارنا۔ ضَرَبَ۔ یَضْرِبُ۔ ضَرْبًا۔ فَهُوَ ضَارِبٌ الخ

اس کی گردان تم نے پہلے یاد کر لی ہے۔

(۲) مثال واوی۔ (ضَرَبَ یَضْرِبُ سے)

جیسے اَلْوَعْدُ۔ وعدہ کرنا۔ صرف صغیر۔

وَعَدَ ۔ یَعِدُ ۔ وَعْدًا وعِدَةً فهو واعِدٌ و وُعِدَ ۔ یُوْعَدُ ۔ وَعْدًا وعِدَةً فهو مَوْعُوْدٌ الامر منه عِدْ والنهى عنه لَاتَعِدْ ۔ الظرف منه مَوْعِدٌ والاٰلة منه مِيْعَدٌ ۔ مِيْعَدَةٌ ومِيْعَادٌ تثنيتهما مَوْعِدَانِ ۔ ومِيْعَدَانِ ۔ والجمع منهما مَوَاعِدُ ۔ مَوَاعِيْدُ ۔ افعل التفضیل منه اَوْعَدُ والمونث منه وُعْدٰى تثنيتهما اَوْعَدَانِ ۔ وُعْدَيَانِ والجمع منهما اَوْعَدُوْن ۔ اَوَاعِدُ ۔ وُعَدٌ وُعْدَيَاتٌ

ماضی معروف ۔ وَعَدَ ۔ وَعَدَا ۔ وَعَدُوْا ۔ صحیح کی طرح چودہ صیغے اخیر تک گردانو ماضی مجہول ماضی معروف ومجہول منفی بھی صحیح کے مانند گردانو۔

مضارع معروف ۔ یَعِدُ ۔ یَعِدَانِ ۔ یَعِدُوْنَ اخیر تک گردانو ۔ یَعِدُ اصل میں یَوْعِدُ تھا واو علامت مضارع کے فتحہ کے بعد اور کسرۂ تحقیقی کے قبل واقع ہوکر ساقط ہوگئی ۔ مضارع کے سب صیغوں میں یہی قاعدہ ہے ۔

یہ قاعدہ اصول مثال کے اصل چہارم ہے جو تم پڑھ چکے ہو ۔ اور عِدَةٌ اصل میں وَعْدٌ تھا ۔ اصل پنجم دیکھو۔

مضارع مجہول ۔ یُوْعَدُ ۔ یُوْعَدَانِ ۔ یُوْعَدُوْنَ ۔ اخیر تک گردانو ۔ یَعِدُ کا قاعدہ یہاں نہیں ہے ۔ اس لئے واو بحال ہے ۔ اسم فاعل وَاعِدٌ اور اسم مفعول مَوْعُوْدٌ ہر ایک کے چھ صیغے صحیح کے مانند گردان لو۔

امر حاضر معروف عِدْ ۔ عِدَا ۔ عِدُوْا ۔ عِدِیْ ۔ عِدَا ۔ عِدْنَ عِدْ اصل میں اِوْعِدْ تھا مضارع کی پیروی میں واو ساقط ہوئی ۔ ابتدا بساکن نہ رہا اسلئے ہمزہ چلا گیا ۔ (اصل چہارم مثال کی)

امر حاضر مجہول ۔ لِتُوْعَدْ ۔ لِتُوْعَدَا ۔ لِتُوْعَدُوْا الخ امر غائب معروف ۔ لِیَعِدْ ۔ لِیَعِدَا ۔ لِیَعِدُوْا الخ ۔ امر غائب مجہول ۔ لِیُوْعَدْ ۔ لِیُوْعَدَا ۔ لِیُوْعَدُوْا الخ

امر حاضر معروف بانون ثقیلہ ۔ عِدَنَّ ۔ عِدَانِّ ۔ عِدُنَّ ۔ عِدِنَّ ۔ عِدَانِّ ۔ عِدْنَانِّ

امر حاضر معروف بانون خفیفہ۔ عِدَنْ۔ عِدُنْ۔ عِدِنْ۔
امر حاضر مجہول کو بھی نون ثقیلہ اور نون خفیفہ کے ساتھ گردان لو۔
امر غائب معروف بانون ثقیلہ۔ لِیَعِدَنَّ۔ لِیَعِدَانِّ الخ اور بانون خفیفہ لِیَعِدَنْ
لِیَعِدُنْ الخ گردانو۔
امر غائب مجہول بانون ثقیلہ اور امر غائب مجہول بانون خفیفہ بنا کر گردانو۔
نہی حاضر معروف۔ لَاتَعِدْ۔ لَاتَعِدَا الخ نہی حاضر مجہول۔ لَاتُوْعَدْ۔ لَاتُوْعَدَا الخ
گردانوں۔
نہی غائب معروف لَایَعِدْ۔ لَایَعِدَا الخ نہی غائب مجہول لَایُوْعَدْ۔ لَایُوْعَدَا الخ
گردانو۔ اس کے بعد ان چاروں بحثوں کے ساتھ نون تاکید ثقیلہ اور خفیفہ لگا کر گردانو۔
اب مضارع کے صیغوں کے ساتھ کچھ کام کرو۔ جس طرح کہ تم کو معلوم ہو چکا ہے۔
نفی فعل مضارع معروف۔ لَایَعِدُ۔ لَایَعِدَانِ الخ نفی فعل مضارع مجہول۔ لَایُوْعَدُ۔ لَایُوْعَدَانِ الخ
نفی جحد بلم در فعل مستقبل معروف۔ لَمْ یَعِدْ۔ لَمْ یَعِدَا۔ لَمْ یَعِدُوْا۔ اخیر تک گردانو۔
نفی جحد بلم در فعل مستقبل مجہول۔ لَمْ یُوْعَدْ۔ لَمْ یُوْعَدَا۔ لَمْ یُوْعَدُوْا الخ گردانوں۔
اِنْ شرطیہ اور لَمَّا کے ساتھ بھی مضارع کے صیغوں کا یہی حال ہے جو لَمْ کے ساتھ ہے
نفی تاکید بلن در فعل مستقبل معروف۔ لَنْ یَعِدَ۔ لَنْ یَعِدَا۔ لَنْ یَعِدُوْا الخ گردانوں۔
نفی تاکید بلن در فعل مستقبل مجہول۔ لَنْ یُوْعَدَ۔ لَنْ یُوْعَدَا۔ لَنْ یُوْعَدُوْا۔ لَنْ تُوْعَدَ الخ
لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل معروف۔ لَیَعِدَنَّ۔ لَیَعِدَانِّ۔ لَیَعِدُنَّ
اخیر تک گردانو۔
لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل مجہول۔ لَیُوْعَدَنَّ۔ لَیُوْعَدَانِّ۔ لَیُوْعَدُنَّ الخ
لام تاکید بانون تاکید خفیفہ در فعل مستقبل معروف۔ لَیَعِدَنْ۔ لَیَعِدُنْ۔ لَتَعِدَنْ الخ
لام تاکید بانون تاکید خفیفہ در فعل مستقبل مجہول۔ لَیُوْعَدَنْ۔ لَیُوْعَدُنْ۔ لَتُوْعَدَنْ الخ

اب تم معلوم شدہ قواعد کے مطابق ماضی قریب۔ ماضی بعید۔ ماضی استمراری۔ ماضی تمنائی وغیرہ بنا لو۔ بحث اسم ظرف بحث اسم آلہ اور بحث اسم تفضیل بھی گردان لو لیکن اسم ظرف کے عین کلمہ کی حرکت کے متعلق جو کچھ تم کو معلوم ہوا ہے وہ صحیح میں منحصر ہے۔ صحیح کے سوا باقی اجناس میں قاعدہ کلیہ یہ ہے کہ مثال سے اسم ظرف مَفْعِلٌ (بکسر عین) کے وزن پر اور ناقص و مضاعف سے مَفْعَلٌ (بفتح عین) کے وزن پر آتا ہے۔ خواہ مضارع کے عین کلمہ کی حرکت کچھ ہی ہو۔ ہاں مَوْجَبٌ وغیرہ چند الفاظ خلاف قاعدہ ہیں۔

(۳) **مثال یائی**۔ (ضَرَبَ۔ یَضْرِبُ سے)

اَلْمَیْسِرُ۔ جوا کھیلنا۔

صرف صغیر

یَسَرَ۔ یَیْسِرُ۔ مَیْسِرًا۔ فھو یَاسِرٌ۔ وَیُسِرَ۔ یُوْسَرُ۔ مَیْسَرًا۔ فھو مَیْسُوْرٌ۔ الامر منہ اِیْسِرْ۔ والنھی عنہ لَاتَیْسِرْ۔ والظرف منہ مَیْسِرٌ۔ والاٰلۃ منہ مِیْسَرٌ۔ افعل التفضیل منہ اَیْسَرُ۔

تمام بحثوں کو بنا کر گردان لو۔ اس میں کوئی تعلیل نہیں ہے۔ سوائے مضارع مجہول کے کہ یُوْسَرُ اصل میں یُیْسَرُ تھا ی ساکن ماقبل مضموم ہے و بن گئی۔ اصول مثال کے نمبر ۲ کو دیکھو۔

درس ۱۰ (۴) اجوف یائی۔ (ضَرَبَ۔ یَضْرِبُ سے)

اَلْبَیْعُ۔ بیچنا۔

صرف صغیر

بَاعَ۔ یَبِیْعُ۔ بَیْعًا فھو بَائِعٌ۔ و بِیْعَ۔ یُبَاعُ۔ بَیْعًا فھو مَبِیْعٌ۔ الامر منہ بِعْ۔ والنھی عنہ لَاتَبِعْ۔ الظرف منہ مَبِیْعٌ والاٰلۃ منہ مِبْیَعٌ۔ مِبْیَعَۃٌ مِبْیَاعٌ وتثنیتھما مَبِیْعَانِ۔ ومِبْیَعَانِ والجمع منھما مَبَایِعُ۔ ومَبَایِیْعُ افعل التفضیل منہ اَبْیَعُ۔ والمونث منہ بُوْعٰی۔ وتثنیتھما اَبْیَعَانِ۔

وَيُوْعَيَانِ ۔ والجمع منهما اَبْيُعُنَّ. اَبَايِعُ۔ بُيَعٌ۔ بُوْعَيَاتٌ ۔
ماضی معروف بَاعَ ۔ بَاعَا۔ بَاعُوْا۔ بَاعَتْ۔ بَاعَتَا بِعْنَ۔ بِعْتَ۔ اخیر تک گردانو
بَاعَ اصل میں بَيَعَ تھا ی متحرک ماقبل اس کا مفتوح ی کو الف سے بدل دیا
بَاعَ ہوا۔ (اصل اول اجوف کی دیکھو) اور بِعْنَ سے اخیر تک ی ہونیکے بعد بسبب
اجتماع ساکنین ساقط ہوگئی۔ فتحہ بَ کو کسرہ سے بدل دیا۔ تاکہ اس بات پر دلالت
کرے کہ یہاں جو حرف ساقط ہوا۔ وہ ی تھی۔ (اصل سوم اجوف)
ماضی مجہول۔ بِيْعَ۔ بِيْعَا۔ بِيْعُوْا۔ بِيْعَتْ۔ بِيْعَتَا۔ بِعْنَ۔ بِعْتَ۔ اخیر تک گردانو
بِيْعَ۔ اصل میں بُيِعَ تھا۔ کسرہ ی پر ثقیل ہوا۔ بعد سلب حرکت ماقبل یہ کسرہ اس کو
دیا گیا بِيْعَ ہوا۔
بِعْنَ اصل میں بُيِعْنَ تھا۔ کسرہ یَ ماقبل کو دینے سے اجتماع ساکنین ہوکر ی گر گئی
یہ بات تم کو معلوم ہے کہ ماضی معروف کا بِعْنَ اصل میں بَيَعْنَ تھا اور مجہول کا
بِعْنَ اصل میں بُيِعْنَ تھا۔ (اصل دوم و اصل سوم اجوف کو دیکھو)۔
اب اس کے بعد تم معلوم شدہ قواعد کے مطابق آسانی کے ساتھ ماضی
معروف و مجہول منفی۔ پھر ماضی قریب و بعید اور استمراری وغیرہا کے صیغے بنا کر گردانو اور
اپنے استاد کو سناؤ۔

(حضرت استاد وہ سب مباحث کے گردان بچوں سے ضرور سنیں گے)

بحث اثبات فعل مضارع معروف۔ يَبِيْعُ۔ يَبِيْعَانِ۔ يَبِيْعُوْنَ۔
تَبِيْعُ۔ تَبِيْعَانِ۔ يَبِعْنَ۔ الخ
يَبِيْعُ اصل میں يَبْيِعُ تھا کسرہ یَ پر ثقیل ہوا۔ ماقبل کو دیا پس يَبِيْعُ ہوگیا۔
يَبِعْنَ اور تَبِعْنَ میں اجتماع ساکنین کے سبب ی گر گئی۔
بحث اثبات فعل مضارع مجہول۔ يُبَاعُ۔ يُبَاعَانِ۔ يُبَاعُوْنَ۔ تُبَاعُ

نُبَاعَانِ ۔ یُبَعْنَ ۔ اخیر تک گردانو۔
یُبَاعُ اصل میں یُبْیَعُ تھا ی متحرک اور ماقبل اس کے حرف صحیح ساکن حرکت ی ماقبل میں دی گئی اس کے بعد ی ساکن کو جو پہلے متحرک تھی بمناسبت فتحہ ماقبل الف سے بدل دیا۔ یُبَاعُ ہوگیا۔ اور یُبَعْنَ ۔ تُبَعْنَ کے اندر اجتماع ساکنین کے سبب الف گر گیا۔

نفی فعل مضارع معروف ۔ لَا یَبِیْعُ الخ **نفی فعل مضارع مجہول** لَا یُبَاعُ الخ گردان لو۔ نفی تاکید بہ لَنْ ۔ لَنْ یَبِیْعَ اور لَنْ یُبَاعَ معروف و مجہول گردانو نفی جحد بہ لَمْ لَمْ یَبِعْ ۔ لَمْ یَبِیْعَا اور مجہول میں لَمْ یُبَعْ ۔ لَمْ یُبَاعَا۔ لَمْ یُبَاعُوْا الخ گردانو

لام تاکید بانون تاکید ثقیلہ لَیَبِیْعَنَّ ۔ لَیَبِیْعَانِّ ۔ لَیَبِیْعُنَّ ۔ الخ ۔ اور مجہول میں لَیُبَاعَنَّ الخ گردانو۔

لام تاکید بانون تاکید خفیفہ ۔ لَیَبِیْعَنْ ۔ لَیَبِیْعُنْ الخ اور مجہول میں لَیُبَاعَنْ لَیُبَاعُنْ الخ گردانو۔

امر حاضر معروف ۔ بِعْ ۔ بِیْعَا ۔ بِیْعُوْا ۔ بِیْعِیْ ۔ بِیْعَا ۔ بِعْنَ ۔
بِعْ اصل میں اِبْیِعْ تھا کسرہ ی کا ماقبل کو دیا۔ اجتماع ساکنین سے ی گر گئی۔ ابتدا بساکن نہ رہی تو ہمزہ بھی چلا گیا۔ بِعْ ہوا۔ اور بِعْنَ میں بھی یہی حال ہے امر کے باقی چار صیغوں میں ضمیروں کے سبب عین پر حرکتیں آگئیں پس اجتماع ساکنین نہ رہا اس لئے ی لوٹ آئی۔

امر حاضر مجہول ۔ لِتُبَعْ ۔ لِتُبَاعَا ۔ لِتُبَاعُوْا الخ **امر حاضر معروف بانون ثقیلہ** ۔ بِیْعَنَّ ۔ بِیْعَانِّ ۔ بِیْعُنَّ الخ **بانون خفیفہ** ۔ بِیْعَنْ ۔ بِیْعُنْ ۔ بِیْعِنْ ۔ **امر حاضر مجہول بانون ثقیلہ** ۔ لِتُبَاعَنَّ ۔ الخ **بانون خفیفہ** ۔ لِتُبَاعَنْ الخ ۔

امر غائب معروف ۔ لِیَبِعْ ۔ لِیَبِیْعَا الخ ۔ **امر غائب مجہول** ۔ لِیُبَعْ ۔ لِیُبَاعَا الخ گردانو

امر غائب معروف بانون ثقیلہ۔ لِیَبِیْعَنَّ۔ لِیَبِیْعَانِّ۔ الخ بانون خفیفہ۔ لِیَبِیْعَنْ۔ لِیَبِیْعُنْ الخ گردانو۔

امر غائب مجہول بانون ثقیلہ لِیُبَاعَنَّ۔ لِیُبَاعَانِّ الخ بانون خفیفہ لِیُبَاعَنْ۔ لِیُبَاعُنْ۔ الخ گردانو۔

نہی حاضر معروف۔ لَا تَبِعْ۔ لَا تَبِیْعَا۔ لَا تَبِیْعُوا۔ لَا تَبِیْعِیْ۔ لَا تَبِیْعَا لَا تَبِعْنَ۔ نہی حاضر مجہول لَا تُبَعْ۔ لَا تُبَاعَا۔ لَا تُبَاعُوا۔ اخیر تک گردانو۔

نہی غائب معروف۔ لَا یَبِعْ۔ لَا یَبِیْعَا۔ لَا یَبِیْعُوا۔ لَا تَبِعْ۔ لَا تَبِیْعَا۔ لَا یَبِعْنَ۔ لَا اَبِعْ۔ لَا نَبِعْ۔ نہی غائب مجہول۔ لَا یُبَعْ۔ لَا یُبَاعَا۔ لَا یُبَاعُوا۔ اخیر تک گردانو۔

اس کے بعد نہی کے ان چاروں بحثوں کے ساتھ نون تاکید ثقیلہ اور خفیفہ کو لگا کر گردانو

اسم فاعل بَائِعٌ۔ بَائِعَانِ۔ بَائِعُوْنَ۔ بَائِعَةٌ۔ بَائِعَتَانِ۔ بَائِعَاتٌ۔ بَائِعٌ۔ اصل میں بَایِعٌ۔ تھا۔ یٰ۔ ہمزہ سے بدل ہوگئی۔ (دیکھو اصل ششم اجوف)

اسم مفعول۔ مَبِیْعٌ۔ مَبِیْعَانِ۔ مَبِیْعُوْنَ۔ مَبِیْعَةٌ۔ مَبِیْعَتَانِ۔ مَبِیْعَاتٌ مَبِیْعٌ اصل میں مَبْیُوْعٌ تھا۔ ضمہ یٰ پر ثقیل ہوا ماقبل کو دیا۔ بسبب اجتماع ساکنین یٰ گر گئی۔ مَبُوْعٌ ہوا۔ پھر وٗ کو یٰ سا کر ماقبل کو کسرہ دیا۔ تاکہ اجوف واوی کے مشابہ نہ ہو مَبِیْعٌ ہوگیا۔ (اصل چہارم۔ اصول اجوف)

اسم ظرف مَبِیْعٌ۔ مَبِیْعَانِ۔ مَبَائِعُ۔ مَبِیْعٌ۔ اصل میں مَبْیِعٌ تھا۔ یٰ کی حرکت ماقبل کو دی گئی۔

اسم آلہ۔ مِبْیَعٌ۔ مِبْیَعَةٌ۔ مِبْیَاعٌ۔ مِبْیَعَانِ۔ مِبْیَعَتَانِ۔ مِبْیَاعَانِ مَبَایِعُ۔ مَبَایِیْعُ۔

اسم تفضیل۔ اَبْیَعُ۔ اَبْیَعَانِ۔ اَبْیَعُوْنَ۔ اَبَایِعُ۔ بُیْعٰی۔ بُیْعَیَانِ۔ بُیْعَیَاتٌ۔ بُیَعٌ

درس (۱۱)

(۵) ناقص یائی (ضَرَبَ۔ یَضْرِبُ)

اَلرَّمْیُ۔ تیر پھینکنا۔ **صرف صغیر۔**

رَمٰی۔ یَرْمِیْ۔ رَمْیًا۔ فھو رَامٍ۔ و رُمِیَ۔ یُرْمٰی۔ رَمْیًا فھو مَرْمِیٌّ۔ الامر منہ اِرْمِ والنھی عنہ لَاتَرْمِ الظرف منہ۔ مَرْمًی۔ والاٰلۃ منہ مِرْمًی۔ مِرْمَاۃٌ۔ مِرْمَاءٌ۔ وتثنیتھا مَرْمَیَانِ۔ والجمع منھما مَرَامٍ۔ مَرَامِیُّ افعل التفضیل منہ اَرْمٰی۔ والمؤنث منہ رُمْیٰی۔ وتثنیتھما اَرْمَیَانِ۔ رُمْیَیَانِ والجمع منھما اَرَامٍ۔ اَرْمَوْنَ۔ ورُمًی۔ رُمْیَیَاتٌ۔

ماضی معروف۔ رَمٰی۔ رَمَیَا۔ رَمَوْا۔ رَمَتْ۔ رَمَتَا۔ رَمَیْنَ۔ رَمَیْتَ الٰی آخر گردانو۔

رَمٰی اصل میں رَمَیَ تھا ی متحرک ماقبل اس کا مفتوح اور یہ ی الف تثنیہ سے قبل واقع نہیں ہے۔ اس لئے الف سے بدل گیا۔ رَمٰی ہوا۔

رَمَوْا اصل میں رَمَیُوْا تھا ی الف ہوئی اور اجتماع ساکنین کے سبب گر گئی رَمَوْا ہوا

ماضی مجہول۔ رُمِیَ۔ رُمِیَا۔ رُمُوْا۔ رُمِیَتْ۔ رُمِیَتَا۔ رُمِیْنَ آخر تک گردانو۔

رُمُوْا اصل میں رُمِیُوْا تھا۔ ضمہ ی پر ثقیل ہوا تو ماقبل کو دیدیا بعد دور کرنے اس کی حرکت کے پھر اجتماع ساکنین سے ی گر گئی۔ بس رُمُوْا بن گیا۔

ماضی معروف و مجہول منفی۔ ماضی تریب ولعید وغیرہا بنا و اور گردانو۔

مضارع معروف۔ یَرْمِیْ۔ یَرْمِیَانِ۔ یَرْمُوْنَ۔ تَرْمِیْ۔ تَرْمِیَانِ۔ یَرْمِیْنَ تَرْمِیْ۔ تَرْمِیَانِ۔ تَرْمُوْنَ۔ تَرْمِیْنَ۔ تَرْمِیَانِ۔ تَرْمِیْنَ۔ اَرْمِیْ۔ نَرْمِیْ۔ گردان یاد کرو

یَرْمُوْنَ اصل میں یَرْمِیُوْنَ تھا۔ رُمُوْا کی تعلیل سے ی ساقط ہوئی۔ صیغہ واحد مونث

حاضر تَرْمِيْنَ اور جمع مونث حاضر ایک ہی برابر ہے. صیغہ جمع مونث حاضر اصلی حالت پر ہے اور واحد مونث تُرْمِيْنَ اصل میں تَرْمِيِيْنَ تھا. کسرہ یٰ پر ثقیل ہونیکے سبب ساقط کر دیا۔ پھر یٰ اجتماع ساکنین سے گر گئی۔ تَرْمِيْنَ ہوا۔

مضارع مجہول۔ یُرْمٰی - یُرْمَیَانِ - یُرْمَوْنَ - تُرْمٰی - تُرْمَیَانِ - یُرْمَیْنَ الخ گردانو

مضارع معروف منفی۔ لَا یَرْمِیْ - لَا یَرْمِیَانِ الخ - **مجہول منفی**۔ لَا یُرْمٰی - لَا یُرْمَیَانِ الخ گردانو۔

نفی حجد بلم- لَمْ یَرْمِ - لَمْ یَرْمِیَا الخ **نفی تاکید بلن**۔ لَنْ یَرْمِیَ - لَنْ یَرْمِیَا لَنْ یَرْمُوْا الخ۔ اسی طرح مجہول بھی بناؤ. پھر لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ وخفیفہ در فعل مستقبل معروف ومجہول بناؤ۔

اسم فاعل۔ رَامٍ - رَامِیَانِ - رَامُوْنَ - رَامِیَةٌ - رَامِیَتَانِ - رَامِیَاتٌ -

اسم مفعول- مَرْمِیٌّ - مَرْمِیَّانِ - مَرْمِیُّوْنَ - مَرْمِیَّةٌ - مَرْمِیَّتَانِ - مَرْمِیَّاتٌ -

مَرْمِیٌّ۔ اصل میں مَرْمُوْیٌ تھا واو اور یٰ ایک کلمہ میں جمع ہوگئے. سابق ساکن ہے واو کو یٰ بنا کر یٰ میں ادغام کر دیا اور میم کو یٰ کی مناسبت سے کسرہ دیدیا مَرْمِیٌّ بن گیا

امر حاضر معروف - اِرْمِ - اِرْمِیَا - اِرْمُوْا - اِرْمِیْ - اِرْمِیَا - اِرْمِیْنَ -

امر حاضر مجہول۔ لِتُرْمَ - لِتُرْمَیَا - لِتُرْمَوْا - لِتُرْمَیْ - لِتُرْمَیَا - لِتُرْمَیْنَ -

امر حاضر معروف بانون ثقیلہ۔ اِرْمِیَنَّ - اِرْمِیَانِّ - اِرْمُنَّ - اِرْمِنَّ - اِرْمِیَانِّ اِرْمِیْنَانِّ۔

امر حاضر معروف بانون خفیفہ۔ اِرْمِیَنْ - اِرْمُنْ - اِرْمِنْ۔

امر حاضر مجہول بانون ثقیلہ۔ لِتُرْمَیَنَّ - لِتُرْمَیَانِّ لِتُرْمَوُنَّ - لِتُرْمَیِنَّ - لِتُرْمَیَانِّ - لِتُرْمَیْنَانِّ -

امر حاضر مجہول بانون خفیفہ۔ لِتُرْمَیَنْ - لِتُرْمَوُنْ - لِتُرْمَیِنْ -

امر غائب معروف۔ لِیَرْمِ۔ لِیَرْمِیَا۔ لِیَرْمُوْا الخ۔ امر غائب مجہول۔ لِیُرْمَ۔ لِیُرْمَیَا۔ لِیُرْمَوْا الخ۔

امر غائب معروف بانون ثقیلہ و بانون خفیفہ امر غائب مجہول بانون ثقیلہ و خفیفہ بناؤ گردانو۔ اسم ظرف واسم آلہ اور اسم تفضیل گردانو۔ اور اپنے استاذ کو سناؤ۔

نہی حاضر معروف۔ لَاتَرْمِ۔ لَاتَرْمِیَا۔ لَاتَرْمُوْا۔ لَاتَرْمِیْ۔ لَاتَرْمِیَا۔ لَاتَرْمِیْنَ

نہی حاضر مجہول۔ لَاتُرْمَ۔ لَاتُرْمَیَا۔ لَاتُرْمَوْا۔ لَاتُرْمَیْ۔ لَاتُرْمَیَا۔ لَاتُرْمَیْنَ

نہی غائب ومتکلم معروف و مجہول گردانو۔ پھر نہی کی چاروں بحثوں کے ساتھ نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ لگا کر گردانو۔

درس (۱۲) لفیف مفروق (ضَرَبَ۔ یَضْرِبُ سے)

اَلْوِقَایَۃ۔ حفاظت کرنا۔

صرف صغیر

وَقٰی۔ یَقِی۔ وَقْیًا۔ فھو وَاقٍ۔ وُقِیَ۔ یُوْقٰی۔ وَقْیًا فھو مَوْقِیٌّ۔ مَاوَقٰی مَاوُقِیَ۔ لَمْ یَقِ۔ لَمْ یُوْقَ۔ لَایَقِیْ۔ لَایُوْقٰی۔ لَنْ یَّقِیَ۔ لَنْ یُّوْقٰی۔ الامر منہ قِ۔ لِتُوْقَ۔ لِیَقِ۔ لِیُوْقَ۔ والنھی عنہ لَاتَقِ۔ لَاتُوْقَ۔ لَایَقِ۔ لَایُوْقَ۔ الظرف منہ مَوْقِیٌ۔ والاٰلۃ منہ مِیْقًی۔ مِیْقَاۃٌ۔ مِیْقَاءٌ۔ وتثنیتھا مَوْقِیَانِ۔ مِیْقَیَانِ۔ والجمع منھما مَوَاقٍ۔ مَوَاقِیُّ۔ افعل التفضیل منہ اَوْقٰی والمؤنث وُقْیٰی وتثنیتھما اَوْقَیَانِ وَوُقْیَیَانِ والجمع منھما اَوَاقٍ۔ اَوْقَیْنَ۔ وُقًی۔ وُقْیَیَاتٌ۔

ماضی معروف۔ وَقٰی۔ وَقَیَا۔ وَقَوْا الخ گردانو مثل رمٰی کے۔

ماضی مجہول۔ ماضی معروف منفی۔ ماضی بعید واستمراری وقریب معروف ومجہول بناؤ۔ گردانو

مضارع معروف یَقِیْ۔ یَقِیَانِ۔ یَقُوْنَ۔ تَقِیْ۔ تَقِیَانِ۔ یَقِیْنَ۔ تَقِیْ۔

تَقِیَانِ۔ تَقُوْنَ۔ تَقِیْنَ۔ تَقِیَانِ۔ تَقِیْنَ۔ اَقِیْ۔ نَقِیْ۔ یَقِیْ اصل میں یُوْقِیُ تھا۔ و یَعِدُ کی تعلیل سے ساقط ہے۔ اور ی کا ضمہ یَرْمِیُ کی تعلیل سے گر گیا۔

مضارع مجہول۔ مضارع معروف منفی۔ مجہول منفی۔ نفی جحد بہ لم معروف و مجہول۔ نفی تاکید بہ لَنْ۔ در فعل مستقبل معروف و مجہول۔ ان تمام بحثوں کو بناؤ اور گردانو۔

بحث لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل معروف۔ لَیَقِیَنَّ۔ لَیَقِیَانِّ لَیَقُنَّ الخ۔

بحث لام تاکید با نون تاکید ثقیلہ در فعل مستقبل مجہول۔ لَیُوْقَیَنَّ۔ لَیُوْقَیَانِّ۔ لَیُوْقَوُنَّ الخ

اسی طرح لام تاکید با نون تاکید خفیفہ بھی گردان لو۔

اسم فاعل۔ وَاقٍ۔ وَاقِیَانِ۔ وَاقُوْنَ الخ۔ اسم مفعول مَوْقِیٌّ۔ مَوْقِیَانِ۔ مَوْقِیُّوْنَ الخ۔ گردانو۔

بحث امر حاضر معروف۔ قِ۔ قِیَا۔ قُوْا۔ قِیْ۔ قِیَا۔ قِیْنَ۔ با نون ثقیلہ قِیَنَّ۔ قِیَانِّ۔ قُنَّ۔ قِنَّ۔ قِیَانِّ۔ قِیْنَانِّ۔ با نون خفیفہ۔ قِیَنْ۔ قُنْ قِنْ۔

امر حاضر مجہول کے ساتھ نون تاکید ثقیلہ اور نون تاکید خفیفہ لگا کر گردانو۔

بحث امر غائب و متکلم معروف۔ لِیَقِ۔ لِیَقِیَا۔ لِیَقُوْا۔ لِتَقِ۔ لِتَقِیَا۔ لِیَقِیْنَ لِاَقِ۔ لِنَقِ

بحث امر غائب و متکلم مجہول۔ لِیُوْقَ۔ لِیُوْقَیَا۔ لِیُوْقَوْا۔ لِتُوْقَ۔ لِتُوْقَیَا۔ لِیُوْقَیْنَ۔ لِاُوْقَ۔ لِنُوْقَ۔

امر غائب و متکلم معروف و مجہول کے ساتھ نون تاکید ثقیلہ و خفیفہ لگاؤ اور گردانو۔

نہی حاضر معروف۔ لَاتَقِ۔ لَاتَقِیَا۔ لَاتَقُوْا۔ لَاتَقِیْ۔ لَاتَقِیَا۔ لَاتَقِیْنَ

یاد رکھو:۔

(۱) اسم فاعل اور صفت مشبہ میں فرق ہے ۔ اور فرق بھی چار طرح پر ہے (۱) صفت مشبہ میں صفت ثبوتی یعنی دائمی ہوتی ہے بخلاف اسم فاعل کے کہ صفت اس میں حدوثی یعنی عارضی ہوتی ہے (۲) صفت مشبہ کے صیغے اسم فاعل کے صیغہ کے مخالف ہیں۔ (۳) صفت مشبہ کے صیغے سماعی ہیں اور اسم فاعل کے قیاسی (۴) اسم فاعل کا معمول اس پر مقدم ہو سکتا ہے لیکن صفت مشبہ کا معمول کبھی اس پر مقدم نہیں ہو سکتا۔

(۲) جو اسم کہ ثلاثی سے آیا ہو۔ اور معنی میں اسم فاعل کے ہو لیکن وہ اسم فاعل کے وزن پر نہیں ہے وہ صفت مشبہ ہے جیسے طَيِّبٌ (پاکیزہ) عَفِيفٌ (پاکدامن)

(۳) وہ اسم فاعل و اسم مفعول جس سے حدوث مقصود نہ ہو۔ اس پر عمل میں صفت مشبہ کا حکم دیا جائے گا۔ جیسے طَاهِرُ الْقَلْبِ۔ (پاک دل) مُعْتَدِلُ الْقَامَةِ (میانہ قد) مَحْمُودُ الْمَقَاصِدِ (نیکو اغراض)

(۴)۔ صفت مشبہ سے اگر حدوث مقصود ہو تو اس کو اسم فاعل کے وزن پر لیجانا ہو گا جیسے ضَيِّقٌ (تنگ) سے ضَائِقٌ (تنگ ہونے والا) مَيِّتٌ (مردہ) سے مَائِتٌ (مرنے والا) سَيِّدٌ (سردار) سَائِدٌ (سردار ہونے والا)

(۵) صفت مشبہ اپنے فعل کے مانند عمل کرتا ہے بغیر شرط زمانۂ حال یا استقبال کے کیونکہ اس میں ثبوت کا معنی ہے حدوث کا نہیں کہ کسی زمانہ کا اعتبار ہو جیسے حَسَنٌ وَجْهُهُ. صفت مشبہ کے عمل کے متعلق بہت سی باتیں ہیں جو اب تم نہیں سمجھ سکتے ۔

درس ۱۵۳

صفت مشبہ کے اوزان

صفت مشبہ کے اوزان بہت زیادہ ہیں. جن اوزان کے صیغے بکثرت استعمال میں آتے ہیں ان کو یہاں پر لکھ دیا جاتا ہے. تاکہ تم ان کو حفظ کر لو۔

وزن	مثال صفت مشبہ	معنی	باب	وزن	مثال صفت مشبہ	معنی	باب
۱) فَعْلٌ	صَعْبٌ	سخت	کَرُمَ	۱۵ فِعَالٌ	ہِجَانٌ	سفید اونٹ	
۲) فِعْلٌ	صِفْرٌ	خالی	سَمِعَ	۱۶ فُعَالٌ	شُجَاعٌ	بہادر	کرم
۳) فُعْلٌ	صُلْبٌ۔	سخت	کَرُمَ	۱۷ فَعَّالٌ	بَرَّاقٌ۔	چمکدار، روشن.	سَمِعَ
۴) فَعَلٌ	حَسَنٌ	نیک	کرم	۱۸ فُعَّالٌ	کُبَّارٌ	بڑا	کَرُمَ
۵) فَعِلٌ	خَشِنٌ	درشت	کرم	۱۹۔ فَعِیْلٌ	کَرِیْمٌ	سخی	کرم۔
۶) فَعُلٌ	نَدُسٌ	زیرک	سَمِعَ	۲۰۔ فَعُوْلٌ	رَءُوْفٌ	مہربان	کرم۔ فتح
۷) فِعَلٌ	زِیَمٌ	پراگندہ	ضرب	۲۱۔ فَعْلیٰ	عَطْشیٰ	پیاسی عورت.	سَمِعَ
۸) فِعِلٌ	بِلِزٌ موٹا۔		ضَرَبَ	۲۲۔ فُعْلیٰ	حُبْلیٰ۔	حمل والی عورت	سمع
۹) فُعَلٌ	حُطَمٌ۔ جانوروں کی بے دردی سے ہنکانے والا		ضَرَبَ	۲۳۔ فَعْلیٰ	حَیْدیٰ اپنا سایہ دیکھ کر کودنے والا گدھا قَرُبَ		
۱۰) فُعُلٌ	جُنُبٌ.	جنابت والا.	ضَرَبَ	۲۴ فَعْلَانٌ	عَطْشَانٌ	پیاسا	سَمِعَ
۱۱، اَفْعَلُ	اَحْمَرُ۔	سرخ		۲۵ فُعْلَانٌ	عُرْیَانٌ	ننگا	سَمِعَ
۱۲) فَاعِلٌ	کَابِرٌ	بڑا	کَرُمَ	۲۶ فَعَلَانٌ	حَیَوَانٌ	جانور	سَمِعَ
۱۳) فَیْعِلٌ	جَیِّدٌ (جَیُودٌ) عمدہ		نَصَرَ	۲۷۔ فَعْلَاءُ	صَفْرَاءُ	زرد رنگ کی عورت	سَمِعَ
۱۴) فَعَالٌ	جَبَانٌ	بزدل	کَرُمَ	۲۸ فُعَلَاءُ	عُشَرَاءُ. دس ماہ کی حمل والی اونٹنی۔ سَمِعَ		

درس (۵۴)

تثنیہ کا بیان

لغت میں لفظ تثنیہ کا معنی ہے دو کرنا۔ دو کی طرف نسبت کرنا۔ دوسرا بنانا۔ دونا کرنا۔ اور اصطلاح میں کہتے ہیں اسم مفرد کے آخر میں الف لاحق کرنا (حالت رفع میں) یائے ماقبل مفتوح لگا دینا (حالت نصب وجر میں) تاکہ اس کے جنس کی دو شئی پر دلالت کرے پھر اس اسم مفرد کے آخر میں جو حرکت یا تنوین تھی اس کے عوض میں الف یا یائے تثنیہ کے بعد نون مکسور لگا دو۔ جیسے رَجُلٌ سے رَجُلَانِ۔ رَجُلَيْنِ (دو مرد)۔ یاد رکھو اس نونِ مکسور کو جس کو نون اعرابی کہتے ہیں دو کے معنی پیدا کرنے میں کوئی دخل نہیں ہے دیکھو هٰذَانِ غُلَامَا زَيْدٍ (یہ دونوں زید کے دو غلام ہیں) (رَأَيْتُ غُلَامَيْ زَيْدٍ (میں نے زید کے دونوں غلام کو دیکھا) تَكَلَّمْتُ بِغُلَامَيْ زَيْدٍ (میں نے زید کے دونوں غلام سے بات کی) ان جملوں میں لفظ غلام کے الف اور یا نے دو پر دلالت کیا حالانکہ ان میں اضافت کے سبب نونِ اعرابی ساقط ہے۔ اور یہ بھی یاد رکھو کہ جنس مفرد کی دو شئی پر دلالت کرنا حقیقۃً ہوتا ہے۔ جیسے عینان (دو آنکھیں) عَيْنٌ کا حقیقی معنی آنکھ ہے اس کے دو ہونے پر دلالت کی۔ اور مجازاً ہوتا ہے۔ جیسے اَبَوَانِ (ماں باپ) شفقت و تربیت میں ماں باپ کے ساتھ شریک ہے اس لئے تغلیباً ماں کو بھی باپ قرار دیکر اَبَوَانِ کہدیا۔ قَمَرَانِ۔ (چاند۔ سورج۔) روشنی میں مشارکت کے سبب تغلیباً سورج کو بھی قمر میں داخل کرکے قمران کہدیا یہ مجازاً ہے۔

چند خاص باتیں یاد رکھو۔

۱۔ اسم مقصور کے الف مقصورہ اگر تیسرا کلمہ میں واو سے بدل کر آیا ہوا ہے تو تثنیہ بناتے وقت وہ الف واو ہو جاتا ہے۔ جیسے عَصَا (اصل میں عَصَوٌ تھا) عَصَوَانِ۔

(۲) اسم مقصور کے تیسرا حرف الف اگر اصلی ہے اور اِمالہ کو قبول نہیں کرتا ہے وہ بھی تثنیہ میں واو بنجاتا ہے جیسے اِلٰی اور عَلٰی عَلَم ہونے کی حالت میں (جب کسی کا نام اِلٰی یا عَلٰی رکھیں) تثنیہ کے وقت اِلْوَانِ عَلَوَانِ ہوں گے۔

(۳) اوپر کی دونوں صورتوں کے سوا باقی تمام صورتوں میں اسمای مقصورہ کے الف تثنیہ کے وقت ی بن جائے گا اب اس میں چند صورتیں ہیں ان کو سمجھ لو۔

(الف) الف مقصورہ تیسرا کلمہ ی سے بدل کر آیا ہو جیسے رَحیٰ۔ رَحَیَانِ۔ (ب) الف مقصورہ تیسرا کلمہ ہے اور اصلی ہے مگر اِمالہ کو قبول کرتا ہے جیسے مَتیٰ (بحالت عَلَم) مَتَیَانِ (ج) الف مقصورہ تیسرا کلمہ نہ ہوے خواہ واو سے بدل کر آیا ہو جیسے مُصْطَفٰی۔ مُصْطَفَیَانِ یا ی سے بدل کر آیا ہو جیسے مُھْتَدیٰ۔ مُھْتَدَیَانِ۔ (د) یا تو وہ الف مقصورہ کسی سے بدل کر نہیں آیا ہے بلکہ وہ تانیث کیلئے ہے جیسے حُبْلیٰ۔ حُبْلَیَانِ۔ (ہ) یا وہ الف مقصورہ الحاق کے لئے ہے جیسے اَرْطیٰ۔ اَرْطَیَانِ۔

(۴) اسم ممدود کے الف ممدودہ اگر اصلی ہے نہ بدل کر آیا ہے اور نہ زائد ہے وہ تثنیہ میں ثابت رہے گا۔ جیسے قُرَّاءٌ۔ قُرَّاءَانِ

(۵) وہ الف ممدودہ اگر تانیث کیلئے ہے تو اس کا واو ہو جانا لازم ہے جیسے حَمْرَاءُ۔ مونث اَحْمَرُ کا تثنیہ حَمْرَاوَانِ ہے۔

(۶) وہ الف ممدودہ اگر اصلی نہیں اور تانیث کیلئے بھی نہیں بلکہ حرف اصلی سے بدلا ہوا ہو یا زائدہ ہو تو تثنیہ کے وقت اختیار ہے خواہ اس کو واو بنادو۔ یا اس کو بحال رکھدو جیسے کِسَاءٌ۔ کِسَاوَانِ۔ کِسَاءَانِ۔ رِدَاءٌ۔ رِدَاوَانِ۔ رِدَاءَانِ۔

درس (۱۵)

جمع کا بیان۔

لغت میں جمع اکٹھا کرنا۔ اجتماع کے معنی اکٹھا ہونا۔ اور اصطلاح میں اسکی تعریف یہ ہے جو اسم ایک ہی جنس و معنی کے دو سے زائد شی پر دلالت کرے وہ جمع ہے جمع کی تین قسمیں ہیں۔ جمع مذکر سالم۔ (جمع صحیح) جمع مونث سالم۔ جمع تکسیر۔

ا، جمع مذکر سالم وہ جمع ہے جو مفرد کے آخر میں واو ماقبل مضموم (حالت رفع میں) یا ی ماقبل مکسور (حالت نصب وجر میں) لاحق کرنے سے دو سے زیادہ پر دلالت کرے پھر مفرد کے آخر میں جو حرکت یا تنوین تھی اس کے عوض میں واو اور ی کے بعد نون مفتوحہ لگا دو جیسے مُؤْمِنُوْنَ۔ مُؤْمِنِیْنَ۔

یاد رکھو دو سے زیادہ پر دلالت کرنے میں نونِ اعرابی کا کوئی دخل نہیں ہے دیکھو حَضَرَ مُتَعَلِّمُو الصَّفِّ۔ (جماعت کے طلبہ حاضر ہوئے) رَأَیْتُ مُسْلِمِیْ دَکَّۃَ (میں نے ڈھاکہ کے مسلمانوں کو دیکھا) مَرَرْتُ بِعَازِمِیْ بِارِیْسَالَ۔ (میں بریسال جانے والوں کے ساتھ چلا۔) ان جملوں کی جمع کے صیغے بوجہ اضافت نونِ اعرابی کے سقوط کے باوجود دو سے زائد پر دلالت کر رہے ہیں۔ یہ بھی یاد رکھو کہ واو ماقبل مضموم اور یا ماقبل مکسور جو کہا گیا یہ باعتبار اصل کے ہے ورنہ بہت سی جگہوں میں تعلیل ہو کر یہ حالت بدل جاتی ہے جیسے اَعْلَوْنَ۔ اَعْلَیْنَ۔ یہ جمع مذکر عاقل کے لئے خاص ہے۔

(۲) جمع مونث سالم۔ وہ جمع ہے جو واحد کے آخر میں الف اور تا لاحق کرنے سے دو سے زیادہ پر دلالت کرے جیسے زَیْنَبَاتٌ۔ قَائِمَاتٌ۔ اور یاد رکھو کہ قَائِمَاتٌ مُؤْمِنَاتٌ۔ اور اس قسم کے جتنے جمع مونث سالم ہیں جنکے واحد میں ۃ تانیث تھی سب اصل میں قَائِمَتَاتٌ اور مُؤْمِنَتَاتٌ جیسے تھے۔ جمع بننے کے بعد دو تا تانیث پر دلالت کرنے والے یکجا ہو گئے تو اول کو حذف کیا یہ جمع مونث عاقل و غیر عاقل سب کیلئے ہی جیسے ثَمَرَاتٌ جمع کی یہ دونوں قسمیں قلت کے لئے موضوع ہیں یعنی تین سے دس تک پر وہ دلالت کرتی ہیں۔ لیکن اس کو بھی جان لو کہ وہ کثرت کے لئے بھی مستعمل ہوتے ہیں جو کہ گیارہ سے

(بلکہ تین سے) لاکھوں بلکہ بے انتہا پر دلالت کرتے ہیں۔
(۳) جمع مکسر یا جمع تکسیر۔ یہ جمع وہ ہے جسمیں واحد کی بنا سالم نہ رہے بلکہ ٹوٹ جائے جیسے رَجُلٌ کی جمع رِجَالٌ ہے۔
جمع مکسر کی دو قسمیں ہیں
۱) جمع قلیل۔ اس کو جمع قلت بھی کہتے ہیں۔ ابھی تم کو معلوم ہو چکا ہے کہ وہ تین سے دس تک سمجھاتی ہے یہ باعتبار وضع کے ہے ورنہ دس سے زیادہ کیلئے مستعمل ہوتی ہے۔
۲) جمع کثیر۔ اس کو جمع کثرت بھی کہتے ہیں۔ وہ گیارہ سے زیادہ پر دلالت کرتی ہے وضعاً۔ ورنہ استعمال میں اس سے کم تین تک آتی ہے۔

درس (۵۶)

جمع قلت کے اوزان چار ہیں ؎
۱) اَفْعُلٌ جمع فَعْلٌ کی اسم غیر اجوف کیلئے جیسے فَلْسٌ کی جمع اَفْلُسٌ۔ اور جمع فِعَالٌ کی یعنی اس اسم کی جو چار حرفی ہو پھر اس کا تیسرا حرف مدہ ہو اور مونث بتقدیر تا ہو جیسے لِسَانٌ اَلْسُنٌ اور جمع فِعْلٌ کی جیسے رِجْلٌ۔ اَرْجُلٌ۔ اور جمع فَعِلٌ کی جیسے زَمِنٌ۔ اَزْمُنٌ۔ اور جمع فُعْلٌ کی جیسے قُفْلٌ۔ اَقْفُلٌ۔ اور جمع فَعُلٌ کی جیسے ضَبُعٌ۔ اَضْبُعٌ۔ اور جمع فِعَلٌ کی جیسے ضِلَعٌ۔ اَضْلُعٌ اور جمع فِعْلَةٌ کی جیسے نِعْمَةٌ۔ اَنْعُمٌ۔ اور جمع فَعَلَةٌ کی جیسے اَكَمَةٌ۔ اَكَمٌ۔ اور جمع فَعَالٌ جیسے نَهَارٌ اَنْهُرٌ
۲) اَفْعَالٌ جمع فَعْلٌ کی اجوف واوی ویائی ہونیسے جیسے قَوْلٌ۔ اَقْوَالٌ۔ نَابٌ۔ اَنْيَابٌ۔ اسم ذات عَوْنٌ۔ اَعْوَانٌ۔ ضَيْفٌ۔ اَضْيَافٌ۔ اسم صفت۔ اور جمع فُعْلٌ کی جیسے قُرْءٌ۔ حیض وطہر اسم ذات۔ حُرٌّ۔ اَحْرَارٌ۔ اسم صفت۔

الفاظ کے معانی یاد کرو۔ فَلْسٌ پیسہ۔ لِسَانٌ زبان۔ رِجْلٌ۔ پاؤں۔ زَمِنٌ اپاہج۔ قُفْلٌ تالا ضَبُعٌ۔ کفتار۔ ضِلَعٌ۔ پہلو۔ نِعْمَةٌ۔ نعمت۔ اَكَمَةٌ ٹیلہ۔ نَهَارٌ دن۔ قَوْلٌ۔ بات نَابٌ۔ دندان۔ عَوْنٌ۔ مددگار۔ ضَيْفٌ۔ مہمان۔ قُرْءٌ۔ حیض۔ طہر۔ حُرٌّ آزاد۔

اور جمع فِعْلٌ کی جیسے حِمْلٌ ۔ اَحْمَالٌ ۔ اسم ۔ بِکْرٌ ۔ اَبْکَارٌ ۔ صفت ۔ اور جمع فَعَلٌ کی جیسے جَمَلٌ اَجْمَالٌ اسم ۔ بَطَلٌ ۔ اَبْطَالٌ ۔ صفت ۔ اور جمع فَعِلٌ کی جیسے فَخِذٌ ۔ اَفْخَاذٌ ۔ اسم نَکِدٌ ۔ اَنْکَادٌ صفت ۔ اور جمع فَعُلٌ کی ۔ جیسے عَجُزٌ ۔ اَعْجَازٌ ۔ اسم ۔ یَقُظٌ ۔ اَیْقَاظٌ ۔ صفت اور جمع فُعُلٌ کی جیسے عُنُقٌ ۔ اَعْنَاقٌ ۔ اسم ۔ کُفُوءٌ ۔ اَکْفَاءٌ صفت اور جمع فَعُوْلٌ کی ۔ جیسے عَدُوٌّ ۔ (عَدُوْوٌ تھا) اَعْدَاءٌ ۔ اسم صفت ۔ فَلُوٌّ (فَلُوْوٌ تھا) اَفْلَاءٌ ۔ اسم ذات ۔ اور جمع فَعِیْلٌ کی جیسے شَرِیْفٌ ۔ اَشْرَافٌ ۔ اور جمع فَیْعِلٌ کی جیسے مَیِّتٌ ۔ اَمْوَاتٌ ۔ (اصل میں مَیْوِتٌ تھا) صفت ۔

(۳) اَفْعِلَۃٌ ۔ جمع چار حرفی اسم کا جس کا تیسرا حرف مدہ ہے جیسے زَمَانٌ ۔ اَزْمِنَۃٌ ۔ رَغِیْفٌ ۔ اَرْغِفَۃٌ ۔ عَمُوْدٌ ۔ اَعْمِدَۃٌ ۔ اور جمع اسم صفت مضاعف بروزن فَعِیْلٌ کی جیسے حَبِیْبٌ ۔ اَحِبَّۃٌ (اصل میں اَحْبِبَۃٌ تھا) اور جمع فَعْلٌ کی جیسے نَجْدٌ ۔ اَنْجِدَۃٌ ۔ اور جمع فِعْلٌ کی جیسے قِنٌّ ۔ اَقِنَّۃٌ ۔ اور جمع فُعْلٌ کی جیسے قُرْطٌ ۔ اَقْرِطَۃٌ

(۴) فِعْلَۃٌ ۔ جمع فَعَلٌ کی جیسے وَلَدٌ ۔ وِلْدَۃٌ ۔ اور جمع ہے فَعْلٌ کی جیسے شَیْخٌ شِیْخَۃٌ ۔ اور جمع ہے فَعِیْلٌ کی ۔ جیسے خَلِیْلٌ ۔ خِلَّۃٌ ۔ اور جمع فَعَالٌ کی جیسے غَزَالٌ ۔ غِزْلَۃٌ اور جمع ہے فُعَالٌ کی جیسے غُلَامٌ ۔ غِلْمَۃٌ ۔

معانی یاد کرلو ۔ حِمْلٌ ۔ بوجھ ۔ بِکْرٌ ۔ دوشیزہ ۔ جَمَلٌ ۔ اونٹ ۔ بَطَلٌ ۔ بہادر ۔ فَخِذٌ ۔ ران ۔ نَکِدٌ ۔ خستہ حال ۔ عَجُزٌ سرین ۔ یَقُظٌ ۔ بیدار ۔ عُنُقٌ گردن ۔ کُفُوءٌ ۔ برابر ۔ عَدُوٌّ ۔ دشمن ۔ فَلُوٌّ گھوڑا کا بچہ ۔ شَرِیْفٌ بزرگی والا ۔ مَیِّتٌ مردہ ۔ رَغِیْفٌ روٹی ۔ عَمُوْدٌ ستون ۔ قِنٌّ ۔ غلام ۔ قُرْطٌ گوشوارہ ۔ غَزَالٌ ہرن ۔ غُلَامٌ ۔ لڑکا ۔ اَحْمَرُ ۔ حَمْرَاءُ ۔ سرخ مرد و عورت لَدْنٌ ۔ نرم ۔ نُفَسَاءُ نفاس والی ۔ بَازِلٌ جوان اونٹ ۔ عَمِیْمَۃٌ بیہودہ ۔ خَوَّارٌ ۔ نرم نیزہ ۔ خَوَّارَۃٌ دودھیل اونٹنی ۔ اَتَانٌ ۔ گدھی ۔ صَنَاعٌ ۔ ماہر عورت ۔ کِنَازٌ ۔ موٹی عورت مِسْیُوْعٌ ۔ تخت ۔ نَذِیْرٌ ڈرانے والا ۔ صَبُوْرٌ ۔ صبر کرنے والا ۔ سَقْفٌ چھت ۔ خَشِنٌ ۔ سخت ۔ نَصَفٌ ادھیڑ ۔ جَرَادٌ ۔ جوں ۔ خَشَبَۃٌ لکڑی ۔ سَفِیْنَۃٌ کشتی ۔

درس (۵۷)

جمع کثیر۔

اس کے اوزان بہت ہیں یہاں پر چند اوزان دئے جا رہے ہیں ان کو یاد کر لو۔ جمع کے ایک وزن پر کتنے اوزان کے مفردوں کی جمع آتی ہے اس کو مثالوں سے سمجھ لو۔

۱) فُعْلٌ۔ جیسے اَحْمَرُ۔ حُمْرٌ۔ حَمْرَاءُ۔ حُمْرٌ۔ لَدْنٌ۔ لُدْنٌ۔ ثَلْكٌ۔ ثُلْكٌ۔ اَسَدٌ۔ اُسْدٌ۔ بَدَنَةٌ۔ بُدْنٌ۔ نُفَسَاءُ۔ نُفْسٌ۔ بَازِلٌ۔ بُزْلٌ۔ عَمِيْمَةٌ۔ عُمٌّ خَوَّارٌ۔ خَوَّارَةٌ۔ خُوْرٌ۔

۲) فُعُلٌ۔ بضمتین۔ جیسے اَتَانٌ۔ اُتُنٌ۔ اسم۔ صَنَاعٌ۔ صُنُعٌ۔ صفت۔ كِتَابٌ كُتُبٌ۔ اسم۔ كِنَازٌ۔ كُنُزٌ۔ صفت۔ سَرِيْرٌ۔ سُرُرٌ۔ اسم۔ نَذِيْرٌ۔ نُذُرٌ۔ صفت۔ عَمُوْدٌ۔ عُمُدٌ۔ اسم۔ صَبُوْرٌ۔ صُبُرٌ۔ صفت اس وزن میں شرط ہے کہ اسم مفعول کے معنی میں نہ ہو۔ سَقْفٌ۔ سُقُفٌ۔ خَشِنٌ۔ خُشُنٌ۔ ذَمِعٌ۔ ذُمُعٌ۔ قُرَادٌ۔ قُرُدٌ۔ سَفِيْنَةٌ۔ سُفُنٌ۔ خَشَبَةٌ۔ خُشُبٌ۔

۳) فُعَلٌ۔ بضم فا و فتح عین۔ جیسے نَوْبَةٌ۔ نُوَبٌ۔ اسم۔ بَرْقَةٌ۔ بُرَقٌ۔ اسم تُخَمَةٌ تُخَمٌ۔ اسم۔ فُضْلیٰ فُضَلٌ۔ رُؤْيَا۔ رُؤًى۔ حِلْيَةٌ۔ حُلًى۔ عَدُوٌّ۔ عُدَاءٌ۔ عُجَايَةٌ۔ عُجًى۔ نُفَسَاءُ۔ نُفَسٌ۔

۴) فِعَلٌ بکسر فا و فتح عین جیسے بَدْرَةٌ۔ بِدَرٌ۔ فِرْقَةٌ۔ فِرَقٌ۔ عَدُوٌّ۔ عِدًى۔ صِيْغَةٌ۔ صِيَغٌ۔ تَارَةٌ۔ تِيَرٌ۔ مِعْدَةٌ۔ مِعَدٌ۔

نَوْبَةٌ۔ حادثہ۔ بَرْقَةٌ۔ خاک دگل۔ تُخَمَةٌ۔ نام مرض۔ رُؤْيَا خواب۔ حِلْيَةٌ زیور۔ عُجَايَةٌ رگ۔ بَدْرَةٌ تھیلی ہزار روپیہ کی۔ فِرْقَةٌ گروہ۔ صِيْغَةٌ صورت۔

۵۔ فَعَلَۃٌ بفتحات۔ جیسے طَالِبٌ۔ طَلَبَۃٌ۔ سَیِّدٌ سَادَۃٌ (اصل میں سَیَدَۃٌ تھا) بَرٌّ بَرَرَۃٌ۔ خَبِیْثٌ خَبَثَۃٌ۔

۶) فُعَلَۃٌ بضم فا و فتح عین۔ صیغہ صفت وزن پر فَاعِلٌ کے ذوی العقول سے ہو اور ناقص اسکی جمع آتی ہے جیسے قَاضِی۔ قُضَاۃٌ (اصل میں قُضَیَۃٌ تھا) غیر عاقل شاذ جیسے بَازِی بُزَاۃٌ (بُزَیَۃٌ) عَادٍ عُدَاۃٌ (عُدَوَۃٌ)

۷) فِعَلَۃٌ بکسر فا و فتح عین و لام جیسے شَیْخٌ۔ شِیَخَۃٌ۔ قِرْدٌ۔ قِرَدَۃٌ۔ قُرْطٌ۔ قِرَطَۃٌ

(۸) فُعَّلٌ بضم فا و عین مشدد مفتوح جیسے رَاکِعٌ۔ وَرَاکِعَۃٌ۔ رُکَّعٌ۔ یعنی صفت کے صیغے جو فَاعِلٌ اور فَاعِلَۃٌ کے وزن پر ہوں انکی جمع اس وزن پر قیاساً آتی ہیں سَخْلٌ۔ سُخَّلٌ نُفَسَاءُ۔ نُفَّسٌ۔

۹) فُعَّالٌ بضم فا و عین مشدد مفتوح۔ جیسے جَاھِلٌ۔ جُھَّالٌ۔ قَارِیٌٔ۔ قُرَّاءٌ۔ صیغہ صفت جو فَاعِلٌ کے وزن پر ہوں۔ صَادَۃٌ۔ صُدَّادٌ۔ سَخْلٌ۔ سُخَّالٌ۔ نُفَسَاءُ نُفَّاسٌ۔

۱۰) فِعَالٌ بکسر فا جیسے عَبْدٌ۔ عِبَادٌ۔ (غیر اجوف یائی لیکن ضَیْفٌ۔ ضِیَافٌ شاذ ہے) جَمَلٌ جِمَالٌ (غیر مضاعف و اجوف لیکن شَطٌّ۔ شِطَاطٌ۔ اور دَادٌ اصل میں دَوَدٌ دِیَادٌ شاذ ہے) قَصْعَۃٌ قِصَاعٌ۔ رَقَبَۃٌ رِقَابٌ۔ اور اسم چار حرفی کی جمع جس کا چوتھا حرف الف تانیث ہو جیسے اُنْثٰی اِنَاثٌ۔ حَذِرٌ۔ حِذَارٌ۔ جَوَادٌ جِیَادٌ (جَیِّدٌ وزن پر فَیْعِلٌ کے) کَرِیْمٌ۔ کِرَامٌ۔ طَبِیعَۃٌ طِبَاعٌ۔ اور جمع فَعْلٰی۔ بالفتح کی جو مونث فَعْلَانٌ بالفتح کی ہے جیسے عَطْشٰی۔ عِطَاشٌ اور نَدْمَانٌ نِدَامٌ۔ خُمْصَانٌ۔ خِمَاصٌ۔ بَطْحَاءُ بِطَاحٌ عُشَرَاءُ عِشَارٌ۔ قَدَحٌ قِدَاحٌ۔ خُفٌّ۔ خِفَافٌ۔ سَبُعٌ۔ سِبَاعٌ۔ رُبَعٌ۔ رِبَاعٌ۔ جُمُدٌ جِمَادٌ

بَرٌّ۔ نکوکار۔ بازی۔ مشہور پرندہ۔ قِرْدٌ۔ بندر۔ قُرْطٌ۔ گوشوارہ۔ سَخْل کمینہ آدمی۔ شَطَطٌ۔ ناحق۔ قَصْعَۃٌ پیالہ۔ رَقَبَۃٌ گردن۔ حَذِرٌ۔ پرہیز کرنے والا۔ جواد سخی۔ ھِجَانٌ۔ سفید اونٹنی۔ جَیِّدٌ عمدہ۔ عَطْشٰی۔ پیاسا۔ ندمان مصاحب خمصان دبلا۔ بطحا۔ زمین سنگ لاخ۔ عشراء حامل اونٹنی۔ قدح۔ تیر بے پیکان۔ خُفٌّ۔ موزہ۔ سبع۔ درندہ۔ ربع۔ اونٹ کا بچہ جو موسم ربیع میں پیدا ہوا۔ جمد۔ اونچی زمین۔ حنق۔ تنگ۔ حیلۃٌ تنگدستی۔

حَسَنٌ۔ حِسَانٌ۔ عَیْلَۃٌ۔ عِیَالٌ۔

۱۱) فُعُوْلٌ بضمتین جیسے قُرْءٌ قُرُوْءٌ۔ ذَکَرٌ۔ ذُکُوْرٌ۔ بَدْرَۃٌ۔ بُدُوْرٌ۔ قَاعِدَۃٌ قُعُوْدٌ۔ ظَرِیْفٌ۔ ظُرُوْفٌ۔ نِمْرٌ۔ نُمُوْرٌ۔ ضِلَعٌ۔ ضُلُوْعٌ۔ حُجْزَۃٌ۔ حُجُوْزٌ۔ عِنَاقٌ عُنُوْقٌ۔ کَہْلٌ کُہُوْلٌ۔ حِمَارٌ حُمُوْرٌ۔ فَرْجٌ۔ فُرُوْجٌ۔ سَاقٌ (سَوْقٌ) سُوُوْقٌ اخیر کے دونوں شاذ ہیں۔

۱۲) فُعْلَانٌ جیسے خَلِیْلٌ۔ خُلَّانٌ۔ صَاحِبٌ صُحْبَانٌ۔ اَحْمَرُ۔ حُمْرَانٌ۔ شُجَاعٌ شُجْعَانٌ۔ (تینوں صفت ہوں) بَطْنٌ۔ بُطْنَانٌ۔ (اسماعی)۔ جَمَلٌ۔ جُمْلَانٌ۔ (سماعی) ذِئْبٌ۔ ذُؤْبَانٌ۔ حَاجِزٌ حُجْزَانٌ۔ ذِرَاعٌ۔ ذُرْعَانٌ۔

۱۳) فِعْلَانٌ۔ جیسے غُرَابٌ۔ غِرْبَانٌ۔ شُجَاعٌ۔ شِجْعَانٌ۔ صُرَدٌ۔ صِرْدَانٌ۔ تَاجٌ (اصل تَوَجٌ) تِیْجَانٌ۔ عُوْدٌ عِیْدَانٌ۔ صفت جو فَعِیْل کے وزن پر ہو جیسے سَرِیْعٌ۔ سِرْعَانٌ۔ خَرِبٌ۔ خِرْبَانٌ۔ صِنْوٌ۔ صِنْوَانٌ۔ حَائِطٌ حِیْطَانٌ۔ قَعُوْدٌ قِعْدَانٌ۔ غَزَالٌ۔ غِزْلَانٌ۔ صِوَارٌ صِیْرَانٌ۔ ظَلِیْمٌ۔ ظِلْمَانٌ۔ اَخٌ (اصل اَخَوٌ) اِخْوَانٌ۔

۱۴) فَعْلٰی بفتح فا۔ جیسے جَرِیْحٌ۔ جَرْحٰی۔ مَرِیْضٌ مَرْضٰی (اول بمعنی اسم مفعول و ثانی بمعنی اسم فاعل) ھَالِکٌ ھَلْکٰی۔ مَیِّتٌ۔ مَوْتٰی۔ اَجْرَبُ جَرْبٰی۔ سَکْرَانٌ سَکْرٰی جَلْدٌ جَلْدٰی۔

۱۵) فِعْلٰی بکسر فا جیسے حَجَلٌ حِجْلٰی۔ ظَرِبَانٌ ظِرْبٰی (اور کسی کی جمع اس وزن پر نہیں آتی

معنی یاد کرلو۔ ظریف۔ زیرک۔ نمر۔ چیتا۔ حجزۃ شلوار۔ عناق۔ بکری کا بچہ۔ کہل ادھیڑ عمر کا آدمی۔ ساق پنڈلی۔ ذئب۔ بھیڑیا۔ حاجز بلند و زمین جس کے وسط حصہ پست ہو۔ ذراع۔ ہاتھ سر انگشت سے کہنی تک۔ خرب۔ ویران۔ صنو شاخ۔ حائط۔ دیوار باغ کی۔ قعود اونٹ سواری کے قابل صوار جنگلی گائے کا سمر۔ ظلیم شتر مرغ۔ اجرب خارشتی اونٹ۔ جلد سخت قوی۔ حجل کبک نر ظربان ایک جانور شبل بلی کے بدبودار۔

۱۶۔ فُعَلَاءُ بضم فا وفتح عین جیسے عَالِمٌ عُلَمَاءُ۔ شَرِیْفٌ۔ شُرَفَاءُ۔ جَبَانٌ جُبَنَاءُ۔ شُجَاعٌ شُجَعَاءُ سَمِحٌ سُمَحَاءُ۔ اَسِیْرٌ اُسَرَاءُ۔ وَدُوْدٌ۔ وُدَدَاءُ خَلِیْفَةٌ۔ خُلَفَاءُ۔

۱۷) اَفْعِلَاءُ بفتح ہمزہ وسکون فا وکسر عین۔ جیسے نَبِیٌّ۔ اَنْبِیَاءُ۔ شَدِیْدٌ اَشِدَّاءُ۔ صَدِیْقٌ۔ اَصْدِقَاءُ۔ نَمِیْمٌ اَنِمَّاءُ۔

۱۸) فَعَالٰی۔ جیسے صَحْرَاءُ صَحَارٰی۔ دَعْوٰی دَعَاوٰی۔ ذِکْرٰی ذَکَارٰی۔ خُنْثٰی خَنَاثٰی۔ سَکْرَانٌ سَکَارٰی۔ یَتِیْمٌ یَتَامٰی۔ عَذْرَاءُ۔ عَذَارٰی۔

۱۹) فُعَالٰی بضم فا جیسے کَسْلَانٌ۔ کُسَالٰی۔ سَکْرَانٌ سُکَارٰی۔

۲۰) فَعَالِیُّ۔ جیسے صَحْرَاءُ صَحَارِیُّ۔ دَعْوٰی دَعَاوِی۔ سُرِّیَّةٌ سَرَارِی۔ سِعْلَاةٌ سَعَالِیُ۔ قَلَنْسُوَةٌ قَلَاسِی۔ اور اَهْلٌ اَهَالِیُ۔ لَیْلَةٌ۔ لَیَالِیُ۔ عِشْرُوْنَ عَشَارِی بسب سماعی ہیں۔

۲۱) فَعَالِیُّ بفتح فا وکسر لام ویای مشدد۔ اسم ثلاثی ساکن العین جس کے آخر میں یا زائدہ مشددہ ہو ان کی جمع اکثر اس وزن پر آتی ہیں۔ جیسے کُرْسِیٌّ۔ کَرَاسِیُّ اور عَذْرَاءُ عَذَارِیُّ صَحْرَاءُ صَحَارِیُّ اِنْسَانٌ اَنَاسِیُّ۔ ظِرْبَانٌ۔ ظَرَابِیُّ۔

۲۲) فَعَائِلُ۔ جیسے صَحِیْفَةٌ۔ صَحَائِفُ۔ عَجُوْزٌ عَجَائِزُ۔ حَمَامَةٌ حَمَائِمُ۔ رِسَالَةٌ رَسَائِلُ۔ ذُؤَابَةٌ۔ ذَوَائِبُ۔ حَمُوْلَةٌ حَمَائِلُ۔ جَرَائِضٌ جَرَائِضُ۔ ذَنُوْبٌ ذَنَائِبُ۔ ضَرَّةٌ ضَرَائِرُ۔ حُرَّةٌ۔ حَرَائِرُ۔ حَزَابِیَةٌ حَزَابِیُّ۔

۲۳) فَوَاعِلُ۔ جیسے کَاهِلٌ کَوَاهِلُ (اسم) حَائِضٌ حَوَائِضُ (صفت مونث)

سَمِحٌ جوانمرد۔ وَدُوْدٌ۔ دوست۔ صدیق۔ دوست نَمِیْمٌ۔ چغل خور۔ خُنْثٰی ہیجڑا۔ سُرِّیَّة بندی وطی کی سِعْلَاة بھوت۔ قَلَنْسُوَة ٹوپی۔ صحیفة کتاب۔ عجوز بڑھیا۔ حمامة کبوتر۔ ذؤابة گیسو۔ حمولة۔ بوجھ۔ جرائض موٹا آدمی۔ ذنوب ڈول پر آب۔ ضرة سوتن۔ حرة آزاد عورت۔ حَزَابِیَة کوتاہ۔
کاھل دونوں مونڈھے کے درمیان کی جگہ۔

بَاذِلٌ بَوَاذِلُ (صفت غیر عاقل. نَافِقَاءُ نَوَافِقُ - عَامِلَةٌ عَوَامِلُ. جَوْهَرٌ جَوَاهِرُ

۲۴ أَفَاعِلُ جیسے اَکْبَرُ اَکَابِرُ. إِصْبَعٌ اَصَابِعُ. اور رَهْطٌ اَرَاهِطُ. (شاذ ہے)

۲۵) أَفَاعِيْلُ. جیسے إِقْلِيْمٌ اَقَالِيْمُ - اَقْوَالٌ اَقَاوِيْلُ (جمع الجمع) اور بَاطِلٌ اَبَاطِيْلُ حَدِيْثٌ اَحَادِيْثُ - عَرُوْضٌ اَعَارِيْضُ (سماعی ہیں)

۲۶) تَفَاعِلُ. جیسے تَنْضُبٌ تَنَاضِبُ. تَجْرِبَةٌ تَجَارِبُ۔

۲۷) تَفَاعِيْلُ جیسے تِمْثَالٌ تَمَاثِيْلُ. تَقْرِيْرٌ تَقَارِيْرُ. تَجْوِيْزٌ تَجَاوِيْزُ -

۲۸) مَفَاعِلُ جیسے مَسْجِدٌ مَسَاجِدُ. مَحْمَدَةٌ مَحَامِدُ. مُطْفِلٌ مَطَافِلُ۔

۲۹) مَفَاعِيْلُ جیسے مِيْعَادٌ مَوَاعِيْدُ. مَلْعُوْنٌ مَلَاعِيْنُ. اور مُوْسِرٌ مَيَاسِيْرُ. مُنْكَرٌ مَنَاكِيْرُ. (شاذ)

۳۰) فَعَالِلُ - جیسے بِلَغْنٌ بَلَاغِنُ -

۳۱) فَعَالِيْلُ. جیسے خَرْطِيْنٌ خَرَاطِيْنُ. سُلْطَانٌ سَلَاطِيْنُ .

۳۲ فَعَالِلُ - جیسے جَعْفَرٌ. جَعَافِرُ (جمع رباعی کی) سَفَرْجَلٌ سَفَارِجُ (جمع خماسی بحذف حرف خامس -

۳۳) فَعَالِيْلُ جیسے قِرْطَاسٌ قَرَاطِيْسُ. جِلْبَابٌ جَلَابِيْبُ. قِنْدِيْلٌ قَنَادِيْلُ عَصْفُوْرٌ. عَصَافِيْرُ.

۳۴) أَفَاعِلَةٌ. جیسے اَشْعَرِيٌّ اَشَاعِرَةٌ. اَعْجَمِيٌّ. اَعَاجِمَةٌ. (اسم منسوب کی جمع)

۳۵ فَعَالِلَةٌ جیسے فَرْزِيْنٌ فَرَازِنَةٌ. فِرْعَوْنٌ فَرَاعِنَةٌ.

بَاذِل - نوسالہ اونٹ جس کے دانت نکلے. نَافِقَا. چوہا کا سوراخ. جوہر - موتی. اِصْبَع انگلی. رہط گروہ . عروض شعر - تنضب . درخت کا نام جس سے تیر بناتے ہیں. تمثال صورت . مطفل بچہ والی ہرن. موسر. توانگر. منکر گناہ. بلغن. بلاغت . خرطین کیچوا. سفرجل. قرطاس کاغذ - جلباب چادر - قندیل فانوس. عصفور. کنجشک. فرزین. شطرنج کا وزیر - فرعون - لقب بادشاہ مصر -

یاد رکھو کہ بعض جمع اس کے لفظ مفرد پر نہیں آتی بلکہ مفرد ایک لفظ ہے اور جمع دوسرا لفظ جیسے اِمْرَأَۃٌ نِسَاءٌ اور اس بات کو بھی یاد رکھو کہ جمع مکسر کو بسا اوقات پھر جمع بناتے ہیں۔ جیسے کَلْبٌ کی جمع أَکْلُبٌ پھر اس کی جمع أَکَالِبُ ہے جَمَلٌ کی جمع جِمَالٌ ہے پھر اس کی جمع جَمَائِلُ ہے۔

درس (۵۸)

نسبت کا بیان

لغت میں نسبت کا معنی ہے ربط اور تعلق۔ اور اصطلاح میں اسکی تعریف یوں ہے۔ کلمہ کے اخیر میں ایک مشدد ی لگا دینا ہے تاکہ اس بات پر دلالت کرے کہ مدلولِ کلمہ کو کسی چیز کے ساتھ تعلق ہے اس یَ کے ماقبل کسرہ ہونا لازم ہے جیسے عَرَبِیٌّ (عرب والا) پاکِسْتَانِیٌّ (پاکستان کا رہنے والا) اس ی کو کبھی کبھی مبالغہ کے معنی کے لئے بھی آخر میں لاحق کرتے ہیں۔ جیسے أَحْمَرِیٌّ (بہت سرخ) اس یَ کو اور ایک تا کے ساتھ اخیر میں اس لئے بھی لاحق کرتے ہیں کہ وہ کلمہ مصدر کے معنی میں ہو جائے۔ جیسے فَاعِلِیَّۃٌ۔ مَفْعُوْلِیَّۃٌ۔ أَحْمَقِیَّۃٌ۔

نسبت کے قواعد۔

۱) کلمہ کے آخر میں اگر تای تانیث ہے تو اس یَ مشدد کو لاحق کرتے وقت وہ گر جائیگی جیسے مَکِّیٌّ۔ کُوْفِیٌّ ہے۔ مَکَّۃ اور کُوْفَۃ سے ان دونوں کے آخر میں جو تای تانیث ہے اس کو ساقط کر کے نسبت کی یَ لاحق کی گئی لیکن نسبت کے بعد یہ کلمہ اگر مونث موصوف کی صفت واقع ہو تو اس یَ کے بعد تای تانیث لائی جائے گی جیسے اِمْرَأَۃٌ کُوْفِیَّۃٌ (کوفہ کے رہنے والی عورت)

۲) نسبت کی یَ جمع مکسر کے بعد بھی لاحق ہوتی ہے جیسے مَدَائِنِیٌّ ہے مَدَائِنُ

اَنْصَارِیٌّ ہے۔ انصار سے۔ یہ دونوں جمع کے صیغے ہیں مَدِیْنَۃٌ اور نَاصِرٌ کے۔

(۳) تثنیہ اور جمع صحیح کے آخر میں نسبت کی ی لاحق کرو تو آخر کے دونوں زائد حرفوں کو گرا کر لگاؤ۔ جیسے زَیْدَانِ اور زَیْدُوْنَ کی نسبت میں زَیْدِیٌّ کہو۔ اور تثنیہ و جمع کے فرق عبارت میں قرینہ سے معلوم ہوگا

(۴) تثنیہ کے مشابہ جو الفاظ ہیں ان میں بھی وہی حال ہے۔ جیسے اِثْنَانِ میں اِثْنِیٌّ اور عِشْرُوْنَ میں عِشْرِیٌّ کہوگے۔

(۵) ہاں تثنیہ و جمع اگر علم ہو جائیں اور رفع، نصب، جر کا اعراب قبول کرے اس صورت میں اخیر دونوں حرف زائد نہ رہیں گے بلکہ وہ علم کے اصلی حرف بن جائیں گے جیسے بحران نام شہر اس کی نسبت بَحْرَانِیٌّ ہے قَنْسْرِیْنُ نام شہر ے از بلاد شام اس کی نسبت قَنْسْرِیْنِیٌّ ہے دونوں میں الف و نون اور یٓ و نون بحال رہے اخیر میں نسبت یٓ لاحق ہوئی

(۶) جس کلمہ میں تین حرف یا اس سے زائد کے بعد یای مشدد ہے اگر اس کے اخیر میں یائے نسبت لگانے چاہو تو اصل یای مشدد کو گرا دو تب یای نسبت کو لاحق کرو۔ اس صورت میں لفظ منسوب اور منسوب الیہ ایک برابر رہے گا عبارت کے اندر قرینہ سے فرق سمجھ میں آویگا جیسے کُرْسِیٌّ نسبت کے بعد بھی وہی کُرْسِیٌّ ہے شَافِعِیٌّ نسبت کے بعد بھی شَافِعِیٌّ ہے جب کہوگے اَلْاِمَامُ الشَّافِعِیُّ تو یہاں نسبت نہیں ہے اور جب کہوگے رَجُلٌ شَافِعِیٌّ (شافعی مذہب والا مرد) تو یہاں نسبت ہے۔ قرینہ سے معلوم ہوا۔

(۷) جو کلمہ ناقص ہو فَعِیْلٌ و فَعِیْلَۃٌ کے وزن پر وہ دو یا پر مشتمل ہوگا۔ جیسے غَنِیٌّ نسبت کے وقت یای اول زائد ساقط ہوگی اور دوسری یا واو ہوگی اور عین کلمہ مفتوح جیسے غَنَوِیٌّ غَنِیٌّ سے اور غَنِیَّۃٌ سے۔

(۸) تَحِیَّۃٌ مصدر تفعیل اور اس کے مثل میں بھی جب اخیر میں یای نسبت لگانے چاہو تو تا ساقط ہوگی اور دو یا میں اولی ساقط اس کا ماقبل مفتوح اور یای ثانی واو ہو جائے گی۔

جیسے نَحِیَۃٌ سے نَحَوِیٌّ۔

۹) جو کلمہ مضاعف اور اجوف نہ ہو اور وزن پر فَعُوْلَۃٌ وفَعِیْلَۃٌ بفتح فا کے ہو نسبت کے وقت وہ واو ویا ساقط ہوں گے اور ماقبل مفتوح ہوگا جیسے شَنَئِیٌّ ہے شَنُوْءَۃٌ سے اور حَنَفِیٌّ ہے حَنِیْفَۃٌ سے۔

۱۰) جو کلمہ مضاعف یا اجوف ہو اور وزن پر فَعُوْلَۃٌ یا فَعِیْلَۃٌ کے ہو نسبت کے وقت ان کے واو ویا ساقط نہیں ہوتے صرف تا کو گرا کر یای مشدد نسبت کی لگا دیتے ہیں جیسے ضَرُوْرِیٌّ ہے ضَرُوْرَۃٌ سے شَدِیْدِیٌّ ہے شَدِیْدَۃٌ سے یہ دونوں مضاعف ہیں۔ اور طَوِیْلِیٌّ ہے طَوِیْلَۃٌ سے یہ اجوف ہے۔

۱۱) جو کلمہ فُعَیْلَۃٌ بضم فا وفتح عین کے وزن پر ہو اور صحیح ہو اسکی یٰ گرا دیجاتی اور اخیر کے تا گرا کر یٌّ نسبت کی لگا دیتے ہیں جیسے جُهَنِیٌّ ہے جُهَیْنَۃٌ سے۔ اور اجوف بھی مثل صحیح کے ہے۔ جیسے سُوَقِیٌّ ہے سُوَیْقَۃٌ سے

۱۲) جو کلمہ فُعَیْلَۃٌ بضم فا وفتح عین کے وزن پر ہو اور ناقص ہو تو نسبت کے وقت یای زائد اول ساقط ہوگی اور یای ثانی واو ہوگی پھر تا کو گرا کر یٌّ نسبت کی لگا دو۔ جیسے اُمَوِیٌّ ہے اُمَیَّۃٌ سے۔

۱۳) جو کلمہ فُعَیْلَۃٌ بضم فا وفتح عین کے وزن پر ہو اور مضاعف ہو تو اس میں یا ساقط نہیں ہوتی صرف تا کو گرا دو اور اخیر میں یٌّ نسبت کی لگا دو۔ جیسے مُدَیْدَۃٌ سے مُدَیْدِیٌّ ہے اور خُرَیْبَۃٌ سے۔ خُرَیْبِیٌّ ہے۔

۱۴) اگر کلمہ تین حرفی مکسور العین ہو نسبت کے وقت مفتوح العین ہو جائے گا جیسے نَمَرِیٌّ ہے نَمِرٌ سے (چیتا) شَقَرِیٌّ ہے شَقِرٌ سے (لالہ پھول) اور اِبِلٌ بکسرتین میں دونوں صورت جائز ہے خواہ عین کلمہ کو فتحہ دو یا اس کو اپنا کسرہ پر رکھدو جیسے اِبَلِیٌّ یا اِبِلِیٌّ ہے۔ اِبِلٌ سے

۱۵) اگر تین حرفی کلمہ ہو اور آخری حرف ی ہو بعد کسرہ کے یا بعد یّ کے تو یہ آخری یا واو ہو جاوے نسبت کے وقت اور ماقبل مفتوح ہو وے۔ جیسے عَمَوِیٌّ ہے عَمٍ سے یہ اصل میں عَمِیٌ تھا عین کلمہ میم کے کسرہ کے ساتھ۔ جب اخیر میں نسبت کی یّ لگی تو اصلی ی بدلکر واو ہوئی اور اس کا ماقبل میم مفتوح ہوا عَمَوِیٌّ ہوا۔ حَیَوِیٌّ ہے حَیٌّ سے یہاں یائے ثالث جو آخری حرف ہے بعد یّ کے واقع ہے۔ جب اخیر میں نسبت کی یّ لگی تو وہ یّ واو بن گئی اور اس کے ماقبل ی کو فتحہ دیا گیا حَیَوِیٌّ ہوا۔

۱۶) اگر چار حرف والا کلمہ ہو اور چوتھا حرف یّ ہو تو نسبت کے وقت یہ یّ ساقط ہو گی جیسے قَاضِیٌّ ہے قَاضِیٌ سے اور یہ بھی جائز ہے کہ اس ی کو واو بنا دو اور ماقبل مفتوح کرو جیسے قَاضَوِیٌّ ہے قَاضِیٌ سے۔

۱۷۔ کلمہ کے تیسرا آخری حرف اگر الف ہے نسبت کی یّ لاحق ہونیسے واو ہو جاتا ہے جیسے فَتًی (جوان) کی نسبت میں فَتَوِیٌّ کہو گے یہ ناقص یائی ہے (فتیٰ اصل میں فَتَیٌ تھا) اسی طرح عصا کی نسبت میں عَصَوِیٌّ کہو گے یہ ناقص واوی ہے (عصا اصل میں عَصَوٌ تھا)

۱۸۔ کلمہ کے چوتھا آخری حرف اگر الف ہو نسبت کے وقت وہ واو سے بدل ہو جائے گا خواہ اصلی ہو یا زائد الحاقی ہو جیسے اَعْشَوِیٌّ ہے اَعْشٰی سے (شب کور) یہ مثال الف رابع اصلی کی ہے۔ اَرْطَوِیٌّ ہے اَرْطٰی سے (درخت ریگ) یہ مثال الف الحاقی زائد کی ہے اور یاد رکھو الف زائد الحاقی کو نسبت کے وقت حذف کرنا بھی جائز ہے جیسے اَرْطِیٌّ ہے اَرْطٰی سے۔ پھر اس بات کو بھی یاد رکھو کہ الف زائد الحاقی کو واو سے بدل کر اس کے قبل ایک الف بڑھانا بھی جائز ہے جیسے اَرْطَاوِیٌّ ہے اَرْطٰی سے۔

۱۹۔ الف رابع اگر اصلی یا زائد الحاقی نہیں ہے تو اس میں نسبت کے وقت تین صورتیں جائز ہیں (۱) اس الف کو حذف کر دینا جیسے حُبْلِیٌّ ہے حُبْلٰی سے (۲) اس الف کو واو کر دینا اور ماقبل مفتوح بحال رکھنا جیسے حُبْلَوِیٌّ (۳) اس الف کو واو سے بدل کر اس کے ماقبل ایک

الف بڑھانا جیسے حُبُلاوِیٌّ

۲۰۔ کلمہ کے پانچواں آخری حرف الف نسبت کے وقت ساقط ہوجاتا ہے خواہ حقیقۃً الف خامس ہو جیسے حُبَارِیٌّ ہے حبارٰی بالف مقصورہ سے یا حکمًا الف حرف خامس ہے لیکن حقیقۃً رابع۔ کیونکہ حرکت اوسط کو ایک حرف کے منزلہ میں قرار دے کر الف کو خامس قرار دیتے ہیں۔ جَمَزِیٌّ ہے جَمَزٰی بالف مقصورہ سے۔ اسی طرح مُصْطَفٰی و مُرْتَضٰی میں مُصْطَفِیٌّ و مُرْتَضِیٌّ ہوگا۔ عربی عبارتوں میں جو مُصْطَفَوِیٌّ یا مُرْتَضَوِیٌّ ہے وہ غلط مشہور ہے۔

۲۱۔ کلمہ کے اخیر میں ہمزۂ ممدودہ ہے نسبت کے وقت بحال رہیگا جیسے قُرَّائِیٌّ اور بعض کہتے ہیں واو سے بدل ہوگا جیسے قُرَّاوِیٌّ لیکن یہ حکم اس وقت ہے جب وہ اصلی ہو۔ اور ہمزۂ ممدودہ تانیث کیلئے ہے تو اس کو واو سے بدلنا واجب ہے جیسے حَمْرَاوِیٌّ ہے حَمْرَاءُ سے اور صَحْرَاوِیٌّ ہے صَحْرَاءُ سے اور اگر ہمزہ ممدودہ نہ اصلی ہے نہ برائے تانیث بلکہ واو سے بدل کر آیا ہے یا الحاق کیلئے ہے ان صورتوں میں واو سے بدلنا نسبت کے وقت جائز ہے نہ واجب جیسے کِسَاوِیٌّ اور کِسَائِیٌّ ہے کِسَاءٌ سے یہ اصل میں کِسَاوٌ تھا۔ یہ مثال ہے اس ہمزۂ ممدودہ کی جو واو سے بدل کر آیا ہے۔ عَلْبَاوِیٌّ اور عَلْبَائِیٌّ ہے۔ عَلْبَاءٌ سے یہ ہمزۂ ممدودہ الحاقی کی مثال ہے۔

۲۲۔ یای نسبت فعل اور حرف کے اخیر میں لاحق نہیں ہوتی کیونکہ ان کے معانی نسبت کی صلاحیت نہیں رکھتے لیکن اگر وہ عَلَم ہوجائے تو یٔ نسبت کی لاحق ہوسکتی ہے جیسے تَغْلَبِیٌّ ہے تَغْلَبُ سے (نام قبیلہ) اور یَزِیدِیٌّ ہے یَزِیْدُ سے نام ایک شخص کے اور کَمِّیٌّ ہے کَمَّا سے یہ حرف ہے لیکن عَلَم ہے ایک شخص کا۔ اور تغلب و یزید دونوں فعل ہیں لیکن عَلَم ہونے کے سبب نسبت جائز ہوئی۔

۲۳۔ جو اسم اب دو حرفی ہے اور اصل میں تین حرفی تھا جس کا ایک حرف محذوف ہوگیا ہے اس کے آخر میں یٔ نسبت لگانے چاہو تو محذوف کو واپس لانا واجب ہے بشرطیکہ اس اسم کے

درمیانی حرف متحرک ہو اور لام کلمہ محذوف منسیاً ہو اور اس محذوف کے عوض میں ہمزۂ وصل نہ لایا گیا ہو جیسے اَخَوِیٌّ ہے اَخٌ سے جو اصل میں اَخَوٌ تھا نسبت میں واو محذوف کو واپس لایا گیا۔ اور سَنَہِیٌّ ہے سَنَۃٌ سے جو اصل میں سَنَہٌ تھا نسبت میں ہ محذوف واپس آگیا اور اَبَوِیٌّ ہے اَبٌ سے جو اصل میں اَبَوٌ بفتحتین تھا نسبت میں واوِ محذوف واپس لایا گیا۔
ان سب میں محذوف کو واپس لانا واجب ہے کیونکہ اوپر کی شرطیں پائی گئیں۔

۲۴ - اِبْنٌ اور اِبْنَۃٌ دونوں کی اصل بَنَوٌ اور بَنَوَۃٌ ہے۔ محذوف اللام ہے اور اس کے عوض میں ہمزہ وصل لایا گیا۔ ان کے اخیر میں نسبت کی ی لگانے چاہو تو اس میں دو صورتیں جائز ہیں۔ ایک اِبْنِیٌّ اس میں ہمزۂ وصل بحال رکھا اور واو محذوف کو واپس نہیں لایا گیا۔ دوسری صورت بَنَوِیٌّ اس میں واوِ محذوف کو واپس لایا گیا اور اس کے عوض کے ہمزہ چھوڑ دیا۔

۲۵ - اُخْتٌ اور بِنْتٌ نسبت میں مثل اَخٌ اور اِبْنٌ کے اَخَوِیٌّ اور بَنَوِیٌّ ہے عند البعض اُخْتِیٌّ اور بِنْتِیٌّ بھی جائز ہے۔

۲۶ - کوئی لفظ مرکب اگر علم ہے اور اس کی طرف نسبت کرنی ہے تو دیکھو اگر وہ مرکب غیر اضافی ہے یعنی اسنادی یا توصیفی یا مزجی ہے اس کا جزو دوم گرا دو اور جزو اول کے اخیر میں نسبت کی یٓ لگا دو۔ جیسے بَعْلِیٌّ منسوب طرف بعلبک کے یہ مرکب مزجی کی مثال ہے تَأَبَّطِیٌّ منسوب طرف تَأَبَّطَ شَرًّا کے اَلْمَدَنِیُّ منسوب طرف المدینۃ المنورہ کے۔ ان دونوں میں پہلا مرکب اسنادی اور دوسرا مرکب توصیفی ہے۔

اور اگر وہ مرکب اضافی ہے تو دیکھ لو اگر وہ بالکنیت ہے یا اس کا جزو ثانی مقصود ہے تو نسبت کے وقت جزو اول کو گرا دو اور جزو ثانی کے اخیر میں نسبت کی ی لگا دو جیسے زُبَیْرِیٌّ منسوب بہ ابن زبیر۔ رَسُوْلِیٌّ منسوب بہ عبد الرسول۔

اور اگر مرکب اضافی ایسا نہیں ہے تو جزو ثانی کو گرا دو۔ اور جزو اول کے اخیر میں

نسبت کی یَ لگادو جیسے اِمْرِئِیٌّ منسوب بہ اِمرأُ القیس

یہاں تک سمجھکر یادکرلو نسبت کے اور بھی مسائل ہیں۔ تم کو اوپر جاکر معلوم ہوں گے

درس (۵۹)

تصغیر کا بیان

تصغیر مصدر باب تفعیل کا ہے۔ اس کا ثلاثی مجرد صِغَرٌ بمعنی خردی (چھوٹائی یا چھوٹا ہونا) صُغْرٌ بالضم خواری و ذلت۔ جب باب تفعیل میں آیا تو متعدی ہو کر اس کا معنی ہوا چھوٹا بنانا، چھوٹا یا ذلیل خوار بنانا اور اصطلاح میں تصغیر کی تعریف یہ ہے۔ لفظ کے اندر خاص طریقے سے کچھ تغیر کرنا تاکہ اس بات پر دلالت کرے کہ لفظ کا مدلول حقیر و ذلیل یا قلیل ہے جیسے رَجُلٌ (مرد) سے رُجَیْلٌ (چھوٹا مرد) فَاسِقٌ (بدکار) سے فُسَیْقٌ ذلیل بدکار۔ قَلِیْلٌ (تھوڑا) سے قُلَیْلٌ (تھوڑا سا) ہے۔ کبھی کبھی مدلول کی تعظیم کے لئے بھی تصغیر کا صیغہ استعمال کرتے ہیں جیسے اُسْتَاذٌ (استاد) اُسَیْتِذٌ (محترم استاذ) اور کبھی شفقت و مرحمت ظاہر کرنے کیلئے تصغیر کا صیغہ لاتے ہیں جیسے بُنَیَّ (پیارا بیٹا) یہ تصغیر ہے اِبْنٌ کا جو اصل میں بَنَوٌ تھا بفتحتین (بیٹا)

اب خوب سمجھکر یادکرلو کہ اسم معرب کی تصغیر پانچ وزن پر آتی ہیں کیونکہ اسم سب ثلاثی، رباعی، خماسی ہوتے ہیں مزید برآں مجرد و مزید فیہ ہوتے ہیں۔

(۱) فُعَیْلٌ۔ اس وزن پر ثلاثی الاصل اسموں کی تصغیر آتی ہے جیسے رُجَیْلٌ۔ عُبَیْدٌ۔ حُبَیْلیٰ۔ خُمَیْسَۃٌ۔ رجل۔ عبدٌ۔ حُبْلیٰ۔ خَمْسَۃٌ سے۔

(۲) فُعَیْعِلٌ۔ اس وزن پر اسم ثلاثی مزید فیہ و رباعی اور خماسی کی تصغیر آتی ہے جبکہ ان کا چوتھا حرف قبل تصغیر یا بعد تصغیر حرف مدہ نہ ہو۔ جیسے مُضَیْرِبٌ تصغیر مُضْرَبٌ اسم مفعول باب افعال سے مثال ثلاثی مزید فیہ جُعَیْفِرٌ تصغیر جَعْفَرٌ رباعی مجرد قُفَیْخِرٌ تصغیر قِنْفَخْرٌ رباعی مزید فیہ سُفَیْرِجٌ تصغیر سَفَرْجَلٌ خماسی مجرد۔ عُضَیْرِفٌ تصغیر عَضْرَفُوْطٌ خماسی مزید فیہ

(۳) فُعَیْعِیْلٌ۔ اس وزن پر بھی اسم ثلاثی و رباعی و خماسی کی تصغیر آتی ہے جبکہ ان کا چوتھا حرف قبل تصغیر یا بعد تصغیر حرف مدہ ہو۔ جیسے مُضَیْرِیْبٌ۔ مِضْرَابٌ اور مَضْرُوْبٌ کی تصغیر ہے قُرَیْطِیْسٌ تصغیر قِرْطَاسٌ رباعی۔ خُدَیْرِیْسٌ تصغیر خَنْدَرِیْسٌ خماسی مزید فیہ۔ تصغیر کے لئے نون کو حذف کرنیکے بعد ی ساکن حرف مدہ چوتھا حرف ہوئی۔

(۴) فُعَیْلَانٌ۔ اس وزن پر الف و نون زائد والے الفاظ اور اَفْعَالٌ کے وزن پر جمع کے الفاظ کی تصغیر آتی ہے جیسے سَکْرَانٌ کی تصغیر سُکَیْرَانٌ اور اَجْمَالٌ جمع کی تصغیر اُجَیْمَالٌ ہے

(۵) فُعَیْلِلَانٌ۔ امام اخفش کے قول کے مطابق اس وزن پر خماسی کی تصغیر آتی ہے جیسے سُفَیْرِجِلٌ تصغیر سَفَرْجَلٌ کی۔ جمہور کے نزدیک اسکی تصغیر ناپسند ہے۔

۱۔ حرف میں اور اکثر مبنیات میں تصغیر جائز نہیں ہے کیونکہ تصغیر وصف کی قسم سے ہے اور ان میں موصوفیت کی صلاحیت نہیں ہے لیکن شذوذ البعض اسماے اشارہ اور اسمائے موصولہ میں تصغیر ہوتی ہے کیونکہ تثنیہ و جمع ہونے میں اور فاعل و مفعول ہونے میں یہ سب اسماے متمکنہ کی طرح ہیں۔ دیکھو۔

اصل	تصغیر		اصل	تصغیر	
ذا	ذَیَّا		اَلَّذِیْ	اَللَّذَیَّا	اَللُّذَیَّا
تا	تَیَّا		اَلَّتِیْ	اَللَّتَیَّا	اَللُّتَیَّا
ذَانِ	ذَیَّانِ		اَللَّذَانِ	اَللَّذَیَّانِ	اَللُّذَیَّانِ
تَانِ	تَیَّانِ		اَللَّتَانِ	اَللَّتَیَّانِ	اَللُّتَیَّانِ
اُولیٰ بالقصر	اُولَیَّا بالقصر		اَلَّذِیْنَ	اَللَّذَیُّوْنَ	اَللُّذَیُّوْنَ
الاُولاء بالمد	اُولَیَّاء بالمد		اَللَّاتِیْ	اَللَّتَیَّاتُ	اَللُّتَیَّاتُ

۲) جو لفظ خود تصغیر کے صیغہ پر ہے اسکی تصغیر نہیں ہوتی جیسے کُعَیْتٌ (بلبل) حُمَیْلٌ (نام پرندہ) کُمَیْتٌ (خاص قسم کا گھوڑا) ایسے الفاظ کی تصغیر جائز نہیں ہے۔

۳۔ جو لفظ صیغۂ تصغیر کے مشابہ ہے اسکی بھی تصغیر نہیں ہوتی جیسے مُبَیْطِرٌ کی تصغیر نہیں ہے
۴۔ جس لفظ کا معنی تصغیر کے معنی کے منافی ومخالف ہو اسکی تصغیر نہیں ہوسکتی جیسے کَبِیْرٌ (بڑا)
۵) اللہ جل شانہ کے نام سب اور حضرات انبیاء کرام علیہم السلام کے ناموں کی تصغیر نہیں ہوتی۔
۶) امام سیبویہ کے مذہب میں مہینوں کے نام مثلاً شعبان ورمضان وغیرہما اور ہفتہ کے دنوں کے نام مثلاً ثلاثا۔ اربعاء الخمیس۔ البارحہ۔ وغیرہا کی تصغیر نہیں ہوتی۔

درس ۱۶۰

امالہ کا بیان

اِمَالَۃٌ باب افعال کے مصدر ہے اِطَارَۃٌ کے وزن پر بمعنی اجوف یائی سے اصل میں اِمْیَالٌ تھا بروزن اِفْعَالٌ اس کا ثلاثی مجرد مَیْلٌ ہے وزن پر بَیْعٌ کے مَیْلٌ کا معنی ہے جھکنا۔ جب اس کو باب افعال میں لے گیا تو اِمْیَالٌ ہوا تعلیل کے بعد اِمَالَۃٌ بن گیا اب متعدی ہو کر اس کا معنی ہوا جھکانا۔ علم صرف کے اصطلاح میں امالہ کہتے ہیں فتحہ کو کسرہ کی طرف کسی قدر جھکا کر یا الف کو ی کی طرف کسیقدر جھکا کر پڑھنا۔ اس طرح سمجھ لو کہ بنگلہ میں التکو ﺗﺎ پڑھو۔ یا ﺗ کو ﺗﮯ پڑھو۔ یعنی فتحہ کو فتح اور کسرہ کے بین بین اور الف کو الف اور ی کے بین بین پڑھو۔

امالہ جائز ہونے کی صورتیں۔

۱۔ جس جگہ کسرہ کے قبل بلا فصل الف ہو جیسے عَالِمٌ۔ ثَابِتٌ۔ ایسے جگہوں میں الف کو جھکا کر پڑھنا جائز ہے۔

۲۔ جہاں کسرہ سے ایک حرف یا دو حرف کے بعد الف واقع ہو۔ اس الف کو امالہ کرنا جائز ہے جیسے کِتَابٌ دِ جْدَانٌ لیکن جہاں فصل دو حرف کا ہے وہاں شرط یہ ہے کہ پہلا حرف ساکن ہو۔ دیکھو جیم اور دال میں جیم ساکن ہے۔

(۳) جس مقام میں یَ کے بعد ہی الف واقع ہو یا یَ سے ایک حرف کے فصل کے بعد واقع ہو اس جگہ الف کو امالہ کے ساتھ پڑھنا جائز ہے جیسے سَیَالٌ۔ شَیْبَانٌ۔

(۴) جس جگہ کلمہ کی اصلی حرف یَ تعلیل سے بدل کر الف ہو جاوے اس الف کو امالہ کے ساتھ پڑھنا جائز ہے جیسے سَالَ کے الف یَ سے بدل کر آیا ہے اصل میں سَیَلَ تھا۔

(۵) جبکہ الف واو مکسور سے بدل کر آیا ہو جیسے کَادَ کے الف اصل میں زیر والا واو تھا کیونکہ اصل میں کَوِدَ تھا تعلیل کے سبب الف بنگیا۔ اس الف کو امالہ کے ساتھ پڑھنا جائز ہے

(۶) جو الف دوسرے کلمہ میں یای مفتوح سے بدل جاتا ہے اس کو امالہ کے ساتھ پڑھنا جائز ہے جیسے دَعَا اور حُبْلٰی کے الف دُعِیَ مجہول اور حُبْلَیَان تثنیہ میں یَ بن جاتا ہے۔

(۷) سابق امالہ کی موافقت کے لئے امالہ کرنا جیسے رَأَیْتُ عِمَادًا میں پہلا الف کے امالہ کے سبب دوسرے الف میں بھی امالہ کرنا جائز ہے۔

(۸) امالۂ لاحق کی موافقت سے فواصل قرآنی میں امالہ کرنا جیسے قولہ تعالیٰ وَالضُّحٰی وَاللَّیْلِ اِذَا سَجٰی مَا وَدَّعَکَ رَبُّکَ وَمَا قَلٰی ۔ یاد رکھو فواصل جمع ہے فاصلہ اس کا واحد ہے تمامی آیت قرآنی کو فاصلہ کہتے ہیں ۔ یہاں ضحٰی اور سجٰی میں بھی امالہ جائز ہے حالانکہ ان دونوں میں امالہ کا قاعدہ موجود نہیں ہے البتہ قلٰی میں موجود ہے اسکی موافقت سے ان دونوں میں بھی امالہ کرتے ہیں کیونکہ قلٰی کے الف یَ سے بدل کر آیا ہے۔ آبانی اسباب کو سن لو جو امالہ کرنے سے روکتے ہیں۔ ان کو موانع امالہ کہتے ہیں۔

درس (۶۱)

موانع امالہ کا بیان

۱۔ جس مقام میں الف کے بعد ایک کلمہ میں متصل یا ایک حرف یا دو حرف کے بعد

صؕ ضؕ ۔ طؕ ۔ظؕ۔ خؕ۔ غؕ۔ قؕ میں سے کوئی حرف واقع ہو. اس جگہ اگرچہ امالہ کا قاعدہ موجود ہے تاہم امالہ جائز نہیں ہے جیسے عَاصِمٌ ۔ بَاسِطٌ ۔ مَعَارِیْضُ ۔

۲۔ الف سے پیشتر حروف مستعلیہ میں سے کسی حرف کا ہونا، جیسے مَغَانِمُ ۔ یہاں الف سے پہلے غ ہے اس لئے امالہ جائز نہیں ہے ۔ یاد رکھو خَ غَ ۔ قَ ۔ صَ ضَ ۔ طَ ظَ کو حروف مستعلیہ کہتے ہیں

۳۔ الف کے متصل قبل یا بعد رای مفتوح یا رای مضموم کا واقع ہونا جیسے کِرَامٌ کے الف میں امالہ درست نہیں ہے کیونکہ الف کے قبل رای مفتوح ہے اور ھٰذَا حِمَارُکَ کے حِمَارُکَ کے الف میں امالہ نہیں ہے کیونکہ الف کے بعد متصل رای مضموم ہے ۔

۴۔ اسم مبنی میں امالہ درست نہیں ہے لیکن اسمای جازمۂ افعال میں سے مَتٰی اور اَنّٰی میں اور اسمای اشارہ میں سے ذَا میں امالہ جائز ہے یہ سب اگرچہ اسمای لازم البنار سے ہیں لیکن استفہام کے جواب میں یہ سب مستقل طور پر مذکور ہوتے ہیں اور ذکر فعل سے مستغنی ہوتے ہیں لہذا یہ سب فعل کے منزلہ میں ہوتے ہیں ۔ مثلاً کسی نے پوچھا مَنْ اَخَذَ الْکِتَابَ (کس نے کتاب لی) تو جواب میں کہتے ہیں ذَا (اس نے) ای اَخَذَہٗ ذَا ۔ مثلاً کسی نے کہا کہ اَسِیْرُ اِلٰی کَرَاتْشِیْ (میں کراچی سیر کرونگا) متٰی (کب) ای مَتٰی تَسِیْرُ ۔ مثلاً کسی نے کہا اَعْطَیْتُہٗ اَلْفَ دِیْنَارٍ ۔ (میں اس کو ایک ہزار اشرفی دیا) تم نے پوچھا اَنّٰی (کہاں سے) ای من اَیْنَ اَعْطَیْتَہٗ (کہاں سے دیا تونے اس کو)

۵۔ حرف معنوی میں امالہ جائز نہیں ہے لیکن بَلٰی حرف ایجاب نفی میں اور یا حرف ندا میں اور لا اِمَّالا میں امالہ جائز ہے ۔ دیکھو بَلٰی مستقل طور پر جواب میں واقع ہوکر کلام مستقل کے منزلہ میں ہوتا ہے قولہ تعٰ اَلَسْتُ بِرَبِّکُمْ (کیا میں تمہارا پروردگار نہیں ہوں ؟) جواب میں سبھوں نے کہا بَلٰی (کیوں نہیں ؟) اَیْ بَلٰی اَنْتَ رَبُّنَا ۔ (کیوں نہیں ! آپ ہمارے پروردگار ہیں ۔ یہاں اَنْتَ رَبُّنَا محذوف ہے بَلٰی اس کے منزلہ میں ہے ۔ اسی طرح یا حرف

ندا اُدْعُوْ فعل کے منزل میں ہے۔ اور اَمَّالَا اِنْ کُنْتَ لَا کے منزلہ میں ہے۔ اس سبب سے ان میں امالہ درست ہوا۔

درس (۱۶۲)

وقف کا بیان

لفظ وقف کا معنی لغت میں روک رکھنا اور ٹھہرا دینا ہے اور اصطلاح میں وقف کہتے ہیں آخر کلمہ کو ساکن کر دینا اس کے بعد کوئی کلمہ ہو اس سے نہ ملانا۔ وقف کی صورتیں سولہ ہیں۔

۱۔ آخر کلمہ کی تنوین اور حرکت کو رَوْم[۱] و اِشْمَام[۲] ضمہ کے بغیر گرا دینا جیسے جَاءَ خَالِدٌ۔

۲۔ آخر کلمہ کی تنوین اور حرکت کو گرا دینا۔ روم کے ساتھ یا بغیر روم کے (قاری کو اختیار ہے)

۳۔ اشمام ضمہ فقط یعنی قاری وقف میں کلمہ مضموم الآخر کو ساکن کرتے ہوئے اشمام کرے فقط سے اشارہ ہے کہ اشمام صرف ضمہ میں ہوتا ہے جیسے نَسْتَعِیْنُ کسرہ اور فتحہ میں نہیں

۴۔ اگر آخر کلمہ تنوین والا ہے اور تای زائدہ سے خالی ہے تو قاری وقف میں آخر کلمہ کی

---

[۱] رَوْم کا معنی لغت میں ڈھونڈنا ہے اصطلاح میں رَوم کہتے ہیں قاری وقف میں آخر کلمہ کو ساکن کر کے اسکی حرکت کا ایک نہایت باریک حصہ ادا کرے جس سے قریب کے سننے والے سمجھ لیں گے یہاں پر فلاں حرکت تھی رَوم ضمہ اور کسرہ میں ہو سکتا ہے فتحہ میں نہیں کیونکہ فتحہ نہایت خفیف حرکت ہے اسکا حصہ نکالنا مشکل ہے [۲] اشمام کا معنی لغت میں بو دینا ہے۔ اصطلاح میں اشمام کہتے ہیں کہ آخر کلمہ اگر مضموم ہے تو قاری وقف میں اس کو ساکن کر کے ذرا سی بو ضمہ کی اس طرح دیویں کہ اپنے لبوں کو ملاتے ہوئے دونوں کے مابین کی کشادگی کو ذرا سی باقی رکھکر ان کو اوپر اٹھا دیں تو ان کے چہرے کی طرف دیکھنے والے سمجھ لیں گے کہ یہاں ضمہ تھا۔

اشمام صرف ضمہ ہی میں ہو سکتا ہے اور بس ۱۲

حرکت کو بحال رکھکر اسکی تنوین کو اس حرکت کے موافق حرف علت سے بدل دیں جیسے جَاءَ زَیْدُوْ۔ رَأَیْتُ زَایْدَا۔ مَرَرْتُ بِزَیْدِی۔

۵۔ جس کلمہ کے آخر میں الف ہو خواہ ملفوظ جیسے اَلْعَصٰی اَلرَّحٰی یا محذوف جیسے عَصًی و رَحًی خواہ وہ کلمہ اسم ہو جیسے ابھی گذرا یا فعل ہو جیسے دَعَا۔ دَعَوَا۔ رَمٰی رَمَیَا۔ یا حرف ہو جیسے مَا کَلَّا۔ تو اس قسم کے کلمہ کا وقف الف پر ہو گا۔

۶۔ جو نون خفیفہ ضمہ یا کسرہ کے بعد ہے وقف میں گر جائے گا اور اجتماع ساکنین کے سبب جو حرف محذوف ہوا تھا وہ لوٹ آئیگا جیسے اِضْرِبُنْ۔ اور اِضْرِبِنْ کو وقف میں اِضْرِبُوْا اور اِضْرِبِیْ پڑھا جائے گا۔

۷۔ جو نون خفیفہ یا وہ نون جو مثل نون خفیفہ کے ہے فتحہ کے بعد واقع ہو وہ وقف میں الف سے بدل جائے گا۔ جیسے وقف میں اِضْرِبَا پڑھا جاتا ہے اِضْرِبَنْ کو اور اِذَا پڑھا جاتا ہے اِذَنْ کو۔

۸۔ تای تانیث اسمیہ تینوں حالتوں کے اندر وقف میں ہ ہو جاتی ہے جیسے اَلْقَارِعَۃُ مَا الْقَارِعَۃ لیکن تای تانیث فعلیہ جیسے ضَرَبَتْ اور جو تا لام کلمہ کے عوض میں آتی ہو جیسے بِنْتٌ۔ اُخْتٌ اور تای جمع مونث سالم جیسے مُسْلِمَاتٌ یہ سب وقف میں ہ نہیں ہوتیں۔ اور اَلرَّحْمَتْ میں تا کا ہ نہ ہونا بعض تھوڑے لوگوں کا استعمال ہے۔

۹۔ اگر کلمہ کا لام کلمہ ہمزہ ہو اور اس کے ماقبل حرف صحیح ساکن ہو تو ہمزہ کی حرکت کو تینوں حالتوں میں ماقبل میں دے کر وقف کیا جائے جیسے ھٰذَا جُزُءْ۔ رَأَیْتُ جُزَءْ مَرَرْتُ بِجُزِءْ۔

اور اگر لام کلمہ غیر ہمزہ ہو اور ماقبل حرف صحیح ساکن ہو تو ضمہ اور کسرہ کی حالت میں اسکی حرکت ماقبل کو دیکر وقف کرنا جائز ہے: جیسے ھٰذَا بَکُرْ۔ اَخَذْتُ مِنْ بَکِرْ۔

۱۰۔ اور اگر لام کلمہ ہمزہ اور اس کے ماقبل ساکن ہو تو ہمزہ کی حرکت ماقبل میں دے کر ہمزہ کو اس حرکت کے موافق حرف علت سے بدل کر وقف کرے جیسے ھٰذَا جُزُوْ۔ رَأَیْتُ جُزَا۔ مَرَرْتُ بِجُزِیْ۔

اور اگر ہمزۂ مذکورہ کے ماقبل مفتوح ہو تو اس کی حرکت ماقبل میں نہیں دی جائیگی بلکہ ہمزہ کو اسکی حرکت کے موافق حرف علت سے بدل دیا جائے گا جیسے کَلَأٌ میں ھٰذَا کَلَوْ۔ رَأَیْتُ کَلَا۔ مَرَرْتُ بِکَلَیْ۔

اور اگر ہمزۂ مذکورہ کے ماقبل مضموم یا مکسور ہے تو ہمزہ اس کے ماقبل کی حرکت کے مناسب حرف علت سے بدل دیا جائے گا جیسے اَکْمُؤٌ میں ھٰذِہٖ اَکْمُوْ۔ رَأَیْتُ اَکْمُوْ۔ مَرَرْتُ بِاَکْمُوْ۔ یہ مثال ماقبل ہمزہ مضموم ہونے کی ہے۔ اور ماقبل ہمزہ مکسور ہونیکی مثال۔ جیسے اَهْنِئُ (مضارع واحد متکلم کا صیغہ هَنَأَ ماضی سے معنی کھانا خوشگوار ہوا) اس کو وقف میں اَهْنِیْ پڑھا جائے گا۔

۱۱۔ جب کلمہ کے آخر حرف ہمزہ نہ ہو اور حرف صحیح متحرک ہو پھر اس کے ماقبل حرف بھی متحرک ہو تو اس کو وقف میں مشدد پڑھنا جائز ہے جیسے جَعْفَرّ۔

۱۲۔ اَنْ بسکون نون یا اَنَ بفتح نون بصریین کے نزدیک ضمیر متکلم ہے وقف میں الف بڑھاکر اَنَا پڑھتے ہیں اور کوفہ والے پورا اَنَا ہی کو ضمیر متکلم کہتے ہیں۔

۱۳۔ وہ کلمہ جو تعلیل کے بعد حرف واحد ہو جاوے جیسے قِ۔ رِ اور وہ کلمہ جس سے کچھ حصہ حذف ہونے کے بعد ایک حرف رہ گیا ہو جیسے ما استفہامیہ سے مَ۔ وقف میں اس کے بعد ہائی سکتہ لاحق کرنا لازم ہے قِهْ۔ رِهْ مَهْ۔

۱۴۔ ضَرَبَهُ۔ مِنْهُ۔ ضَرَبَهُمْ اصل میں ضَرَبَهُوْ۔ مِنْهُوْ۔ ضَرَبَهُمُوْ تھے وقف میں ان سب میں اور ان کے مانندوں میں واو کو حذف کرنا واجب ہے اور اس واو کے ماقبل کو ساکن کر کے وقف کریں جیسے ضَرَبَهْ۔ مِنْهْ۔ ضَرَبَهُمْ

اور فیہٖ - بِہٖ - بِہِم اصل میں فِیْھِیْ - بِہِیْ - بِہِمِیْ تھے ان میں اور ان کے مانندوں میں وقف کرتے وقت ی کو حذف کرنا واجب ہے پھر اس کے ماقبل حرف کو ساکن کر کے وقف کریں جیسے فِیْہْ - بِہْ بِہِمْ - ان کے بعض صورتوں میں التقائے ساکنین ہوتا ہے اس سے کوئی حرج نہیں ہے۔

۱۵- بعض لوگ مُرٍ اسم فاعل کے یٓ کو اور قاضٍ کے ی کو جو حالت رفعی میں اور حالت جری میں اجتماع ساکنین کے سبب محذوف ہو چکی ہو وقف میں واپس لاتے ہیں اور کہتے ہیں جَاءَ مُرِی - جَاءَ قَاضِیْ - مَرَرْتُ بِمُرِی مَرَرْتُ بِقَاضِیْ -

۱۶- وہی بعض لوگ غُلَامِیْ اور اس کے مانند الفاظ جو مضاف بیای متکلم ہیں ان سے یائے متکلم کو اور اَلْقَاضِیْ (اسم منقوص معرف باللام) یَاقَاضِیْ (اسم منقوص منادی) سے یائے ساکن کو وقف میں حذف کرتے ہیں جیسے غُلَامِ - دِیْنِ - اَلْقَاضِ - یَاقَاضِ

بِسْمِ الْخَیْرِ